امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز جمعہ 06 نومبر 2026 / 25 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 209

پولیو سے پاک پاکستان اب کوئی سمجھوتہ نہیں

پولیو ورکرز کی حفاظت اولین ترجیح ہے

وزیر اعظم

صوبوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت اور حکمتِ عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے

انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، صوبوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو پر جائزہ اجلاس ہوا، وزیراعظم نے ملک بھر میں انسداد پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لیے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

چین اور کویت کی 4.3 ارب ڈالر قرض رول اوور کی یقین دہانی

اسلام آباد (اے این این) پاکستان کو سعودی عرب کے بعد چین اور کویت نے بھی 4.3 ارب ڈالر

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پولیو کے خاتمے سے متعلق اہم اجلاس ہوا

آسحاق ڈار کا عمانی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا

علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے مسلسل مذاکرات اور سفارتی روابط جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا گیا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ بات چیت کے دوران حالیہ علاقائی اور عالمی صورتحال بھی زیر بحث آئی، دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے مسلسل مذاکرات اور سفارتی روابط جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تفصیلات نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

نائب وزیراعظم سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی کی ملاقات

علاقائی معاملات پر پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مسلسل تعاون کی ضرورت ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی ڈین جاروس نے ملاقات کی۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں سلامتی، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین تعاون،

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

پی بی اے صحافیوں کی ویلفیئر اور دورانِ ڈیوٹی وفات پر معاوضے کا نظام وضع کرے، عطاء تارڑ

،اب ایسے نہیں چلے گا، اس معاملے پر پیمرا کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ٹی وی چینلز سرکاری اور نجی شعبے سے اشتہارات حاصل کرتے ہیں جبکہ ڈیجیٹل ذرائع سے بھی آمدن ہوتی ہے اس کے باوجود صحافیوں کی ویلفیئر کے لیے کوئی فنڈ قائم ہو سکا اور نہ ہی دورانِ ڈیوٹی وفات پانے والے صحافیوں کے لیے کوئی پیکج تیار کیا گیا۔ جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم "ایکس" پر اپنی پوسٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) کو صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی نظام وضع کرنا ہوگا، اب

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)



راولپنڈی: چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ہیڈکوارٹرز ایس ایس جی تربیلا کا دورہ کیا، شہدا یادگار پر پھول چڑھائے اور ایس ایس جی کی خصوصی تربیت و آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ لی۔

فیلڈ مارشل کا ایس ایس جی ہیڈکوارٹرز تربیلا کا دورہ

دشمن کے ہر وار کا جواب دینے کیلئے تیار ہیں، فیلڈ مارشل

نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے، جنرل سید عاصم منیر کی گفتگو

ہیڈکوارٹر آمد پر جی او سی ایس ایس جی نے استقبال کیا، فیلڈ مارشل نے جدید ترین خصوصی آلات کا معائنہ کیا اور ایس ایس جی کی جنگی مہارت اور خصوصی آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا

راولپنڈی (اے این این) فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ہیڈکوارٹرز ایس ایس جی تربیلا کا دورہ کیا جہاں ان کی آمد پر جی او سی ایس ایس جی نے استقبال کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف کو ایس ایس جی کی خصوصی تربیت،

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

پولیو مہم جاری، تین روز میں ایک کروڑ 96 لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلائے گئے

اسلام آباد (اے این این) ملک بھر کے 97 منتخب اضلاع میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے تین روز کے دوران ایک کروڑ 96 لاکھ سے زائد بچوں کو پو

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

سی ڈی اے کا مولانا فضل الرحمان سے منسلک مدرسہ اختر العلوم کو غیر قانونی تعمیر پر نوٹس جاری

15 دن کے اندر عمارت کے تعمیراتی نقشے متعلقہ اتھارٹی میں جمع کروائے جائیں، مدرسہ انتظامیہ کو ہدایت

اسلام آباد (اے این این) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے جمعیت علمائے اسلام (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم کو قانونی خلاف ورزیوں پر سی ڈی اے کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔ سی ڈی اے کے ڈائریکٹوریٹ آف بلڈنگ

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سکیورٹی ڈین جاروس سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کی فیول سبسڈی نہ دینے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت

پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی پیشرفت اور شفافیت اطمینان بخش ہے فیول ریلیف اسکیم کے ذریعے غریب شہریوں کو بلاواسطہ ریلیف دے رہے ہیں، اجلاس سے خطاب

شفاف فیول سبسڈی اسکیم مستقبل کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی مستحقین کو سہولت نہ دینے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کیے جائیں، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی اب تک کی پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے نتیجے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے اور زیادہ مستحق شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستحق شہریوں کیلئے ٹیکنالوجی پر مبنی یہ شفاف سبسڈی اسکیم

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کا سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی سبکدوش ہونے والی کابینہ کے ساتھ گروپ فوٹو

آئینی عدالت نے پشاور ہائیکورٹ کو 3 ایم پی او کے مقدمات سننے سے روک دیا

ہم اس معاملے میں فریقین کو نوٹسز جاری کر رہے ہیں، چیف جسٹس امین الدین خان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت نے بڑا حکم جاری کرتے ہوئے پشاور ہائیکورٹ کو تاحکم ثانی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاریوں کے مقدمات سننے سے روک دیا۔ آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ ہم اس معاملے میں فریقین کو نوٹسز جاری کر رہے ہیں، دیگر فریقین عدالتی حکم دیکھ کر اپنی درخواست دائر کر سکتے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں دورکنی بنچ نے سماعت کی، ایڈووکیٹ جنرل کے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

مریم نواز کے لیگل نوٹس کا بھرپور اور مکمل جواب دیا جائیگا، چوہدری سالک حسین

پنجاب حکومت نے خود تسلیم کیا ہے کہ صوبے میں کرپشن ہو رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے لیگل نوٹس کا بھرپور اور مکمل جواب دینے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری سالک حسین نے کہا کہ نوٹس کی خبریں سنی ہیں اور وہ اس کا قانونی اور بھرپور جواب دیں گے۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) کی تعیناتی سے متعلق باتیں بالکل من گھڑت اور بے بنیاد ہیں، کرپشن کے حوالے سے میرا بیان میری ذاتی رائے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

مولانا فضل الرحمٰن کے اہلخانہ اور قریبی رفقا کیخلاف مبینہ ٹیکس چوری کی شکایت جمع

ایف بی آر سے 5 افراد کے اثاثوں، بینک اکاؤنٹس اور ذرائع آمدن کا جائزہ لینے کا مطالبہ

اسلام آباد (اے این این) جے یو آئی (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمان کے اہلخانہ اور قریبی رفقا کیخلاف مبینہ ٹیکس چوری اور آمدن چھپانے کی شکایت ایف بی آر میں جمع کرادی گئی۔ 5 افراد کے اثاثوں اور مالی معاملات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ شکایت میں جے یو آئی (ف) کے ایک سینیٹر، لطف الرحمٰن، ضیا الرحمٰن، اسعد محمود اور ابرار احمد کے مالی معاملات کی جانچ پڑتال کی درخواست کی گئی۔ ایف بی آر سے پانچوں افراد کے اثاثوں، بینک

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا وقت ختم، کسی پارٹی رہنما کو اجازت نہ ملی

ملاقات کا وقت ختم ہونے پر پی ٹی آئی رہنما ڈاہگل ناکے سے واپس روانہ ہو گئے

راولپنڈی (اے این این) بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کا مقررہ وقت ختم ہو گیا، تاہم کسی بھی پارٹی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہیں ملی۔ ملاقات کا وقت ختم ہونے پر پی ٹی آئی رہنما ڈاہگل ناکے سے واپس روانہ ہو گئے۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے نادیہ خٹک، اجمیری خان، رضوان مجید بٹ اور علی عبداللہ نیازی ڈاہگل ناکے پہنچے تھے۔ ملاقات کے لیے جاری فہرست میں شامل مبشر عباسی اڈیالہ جیل نہیں آئے۔ بانی پی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

گوادر کے اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، مولانا ہدایت

تعلیم اور صحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، متعلقہ افسران عوامی توقعات کے مطابق کام کریں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) گوادر کے تعلیمی مسائل کے حل اور اسکولوں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تعلیم اور صحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس گوادر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کی بہتری، درپیش مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) زرخاتون، یونیسف گوادر کے انچارج عادل نودیزئی سمیت محکمہ تعلیم کے مختلف افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ضلع گوادر کے تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کو مثر بنانے، اساتذہ کی کارکردگی بہتر

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

تحریک انصاف کے رکن اسمبلی جاوید کوثر کو گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی (اے این این) پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی جاوید کوثر کو راولپنڈی سے تحویل میں لے لیا گیا۔ جاوید کوثر کو انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے باہر سے تحویل میں لیا گیا۔ تحریک انصاف کے ایم پی اے جی ایچ کیو گیٹ حملہ کیس میں عدالت پیشی کے لیے آئے تھے۔ جاوید کوثر کو دھمیال، نصیر آباد اور ٹیکسلا میں درج مقدمات میں تحویل میں لیا گیا ہے۔ پولیس کی خصوصی ٹیم جاوید کوثر کو لیکر موقع سے روانہ ہوگئی۔ پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی جاوید کوثر کو راولپنڈی سے تحویل میں لے لیا گیا۔ جاوید کوثر کو انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے باہر سے تحویل میں لیا گیا۔ تحریک انصاف کے

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکومتِ بلوچستان کا بڑا فیصلہ، بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ تحلیل، نوٹیفکیشن جاری

وزیراعلیٰ کی منظوری سے کمپنی ختم، اثاثوں اور اسکولرشپ کے معاہدوں کا جائزہ لینے کے لیے 4 رکنی کمیٹی قائم

کوئٹہ (یو این اے) حکومتِ بلوچستان نے ایک اہم اور بڑا فیصلہ کرتے ہوئے بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ (بیف BEEF /) کمپنی کو باضابطہ طور پر تحلیل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کے سیکرٹری محمد جہانگیر

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

قلات، سنگداس پولیس چیک پوسٹ کیخلاف احتجاج کا الٹی میٹم

سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ زبردستی بھتہ خوری بند کی جائے، آل بلوچستان بیروزگار یونین کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان بیروزگار یونین نے قلات کے علاقے سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ طور پر زبردستی بھتہ خوری کی شکایات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو احتجاج کا الٹی میٹم دے دیا ہے۔ یونین کے جاری

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق

ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوشش کی جا رہی ہے، ڈی پی او

کوئٹہ (یو این اے) ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے مغل کوٹ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق ہو گئے۔ ڈی پی او قلعہ سیف اللہ عبدالرحمان کھیتران نے بتایا کہ مقتولین کی شناخت 30 سالہ عبدالرحیم اور 28 سالہ عبدالرحمان کے نام سے ہوئی ہے۔ ڈی پی او کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوشش کی جا رہی ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن شیڈول اور کمیشن کا آرڈر ہائیکورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (اے این این) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے انتخابی شیڈول اور الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا آرڈر اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے 21 اکتوبر کو اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم دیتے ہوئے الیکشن شیڈول بھی جاری کیا تھا۔ اس شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ کا انعقاد 20 دسمبر کو کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کو اب اسلام آباد کے شہری چوہدری امجد علی نے چیلنج کیا ہے اور ان کے وکیل

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کا سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی سبکدوش ہونے والی کابینہ کے ساتھ گروپ فوٹو

وزیراعلیٰ بلوچستان کی کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمان سے ملاقات

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمٰن کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازدیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمٰن نے ملاقات کی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور کم سن شطرنج ماسٹر کے درمیان شطرنج کا دوستانہ مقابلہ بھی ہوا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے عبدالرحمٰن کی ذہانت، صلاحیتوں اور شطرنج کے کھیل میں مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا۔ ملاقات کے دوران معلوم ہوا کہ کم سن شطرنج ماسٹر عبدالرحمٰن کا تعلق کوئٹہ کے ایک غریب گھرانے سے ہے اور ان کے والد بے روزگار ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بچے کی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ اس کے خاندان کی معاشی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے ان کے والد کو ملازمت فراہم کرنے کا اعلان بھی کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شطرنج جیسے ذہنی کھیل بچوں اور نوجوانوں میں غور وفکر، حکمت عملی، صبر وتحمل اور بروقت فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں۔ بلوچستان کے بچوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں جنہیں مناسب مواقع

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

گورنر پنجاب سے بلوچستان کے طلبہ و طالبات کے وفد کی ملاقات

بلوچستان کے طلبہ ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں، صوبے کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے، سردار سلیم حیدر خان

کوئٹہ، لاہور (یو این اے) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے بلوچستان سے آئے ہوئے "لیڈرز اوڈیسی اسکول اینڈ کالج" کے طلبہ و طالبات کے وفد نے گورنر ہاس لاہور میں ملاقات کی، جس میں تعلیمی مواقع اور بین الصوبائی ہم آہنگی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان میں بدامنی اور عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، تاہم پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ پاکستان کے تمام صوبے ایک اکائی ہیں اور بلوچستان کی ترقی دراصل پورے ملک کی ترقی ہے۔ گورنر پنجاب نے اعلان کیا کہ ایچی سن کالج لاہور میں بلوچستان کے طلبہ کے لیے اسکالرشپ کوٹہ بڑھا دیا گیا ہے اور اس میں ہر سال مزید اضافہ کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ معیاری

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹرمپ کی شکست، پاکستان کا تعلق امریکی عوام کے ساتھ ہے صدر سے نہیں، رانا ثنا اللہ

عمران خان کے علاج کے حوالے سے قطعی طور پر کوئی کوتاہی نہیں ہو رہی، مشیر سیاسی امور کی گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے کہتے تھے کہ ٹرمپ جب آئے گا تو لگ پتا جائے گا، آج وہی لوگ کہہ رہے کہ ٹرمپ ہار تو حکومت کو نقصان ہوگا، پی ٹی آئی والے پہلے بھی غلط تھے آج بھی غلط ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے ٹرمپ کی شکست پاکستان کیلئے نہ اچھی نہ بری خبر ہے، پاکستان کا تعلق امریکی عوام کے ساتھ ہے، امریکا اور ایران کے درمیان جنگ جاری ہے، لیکن پاکستان ایران کا حوصلہ بھی انجوائے کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا ایران سعودی عرب کے تعلقات کتنے ہی کشیدہ کیوں نہ ہوں پاکستان کو سعودی عرب کا اعتماد بھی حاصل ہے۔ پاکستان کی سیاسی عسکری قیادت کی دانشمندی ہے کہ ان ممالک کے ساتھ عزت واحترام کے رشتے قائم ہیں۔ بین الاقوامی تعلقات میں ذاتی مفادات نہیں ممالک کے مفادات اہم ہوتے ہیں۔ ہمارے لئے ان ممالک کے تعلقات میں دخل اندازی نہیں کی جاسکتی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوجوان نوکری مانگنے والے نہیں نوکری دینے والے بنیں گورنر بلوچستان

سے نمٹنے کیلئے زراعت اور دیگر معاشی شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے

نوجوانوں کو سرکاری ملازمتوں کے متلاشی ہونے کی بجائے دوسروں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی صوبے کا سب سے بڑا چیلنج ہے جس سے نمٹنے کیلئے زراعت اور دیگر معاشی شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے۔ نوجوانوں کو سرکاری ملازمتوں کے متلاشی ہونے کی بجائے دوسروں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تقریب کے دوران وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا اور ان کے والد سید علاؤالدین آغا ملاقات کر رہے ہیں

ایران جنگ کی وجہ سے شکست ہوئی، وینس کے بعد ٹرمپ کا بھی اعتراف

ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ایران جنگ شکست کی ایک وجہ تھی، تاہم ان کے بقول یہ جنگ پھر بھی ضروری تھی

اگر انہیں دوبارہ فیصلہ کرنے کا موقع ملے تو بھی ایران کے خلاف کارروائی کریں گے کیونکہ یہی واحد راستہ ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (اے این این) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعتراف کیا ہے کہ وسط مدتی انتخابات میں ایران جنگ ان کی جماعت کی شکست کی بڑی وجہ بنی۔ اس سے قبل نائب صدر جے ڈی وینس نے ریپبلکن پارٹی پر زور دیا تھا کہ وہ ایران کے ساتھ غیر مقبول جنگ کے انتخابی نتائج پر اثرات کو تسلیم کرے۔ وائٹ ہاؤس میں جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ کیا وہ جے وینس کی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ ایران جنگ کی وجہ سے ہمیں شکست ہوئی؟ اس کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ ان کے خیال میں یہ بات بڑی حد تک درست ہے کیونکہ جنگ کی وجہ سے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ اگر انہیں دوبارہ فیصلہ کرنے کا موقع ملے تو بھی ایران کے خلاف کارروائی کریں گے کیونکہ یہی واحد راستہ ہے اور ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے ایران کے خلاف فوجی کارروائی کے حامی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کو عہدے سے ہٹانے کے امکان کو بھی مسترد کر دیا،

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز میں وائٹ کوٹ کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ میں 70 لاکھ روپے کی وارداتیں کرنے والا پانچ رکنی گینگ گرفتار

تاجر ہاشم نورزئی کے قتل میں ملوث ملزم سعد اللہ گرفتار، سبزل روڈ پر بچے کی بوری بند لاش کے کیس میں بھی زیر حراست

بینک ڈکیتی میں کالعدم تنظیم کے ملوث ہونے کا شبہ، بینک انتظامیہ کی غفلت بھی سامنے آئی، تحقیقات جاری ہیں، ڈی آئی جی کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ عمران شوکت نے انکشاف کیا ہے کہ شہر میں گزشتہ دو ماہ سے وارداتیں کرنے والے پانچ رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جس میں خواتین کے علاوہ ایک پولیس اہلکار بھی شامل تھا۔ گرفتار گروہ نے مبینہ طور پر تقریباً 70 لاکھ روپے مالیت کی وارداتیں کیں۔ انہوں نے بتایا کہ تاجر ہاشم نورزئی کے قتل میں ملوث ملزم سعد اللہ نورزئی کو بھی گرفتار کر لیا گیا

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

بولان میں مٹھڑی کے قریب بجلی کا کرنٹ لگنے سے 9 سالہ بچہ جاں بحق

متوفی کی لاش ضروری کارروائی کے لیے سول ہسپتال سبی منتقل کر دی گئی، پولیس

بولان (یو این اے) ضلع بولان میں مٹھڑی کے قریب بجلی کا شدید کرنٹ لگنے کے دردناک حادثے میں 9 سالہ بچہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق افسوسناک واقعہ مٹھڑی کے جوار میں پیش آیا جہاں 9 سالہ لڑکا کرنٹ کی زد میں آ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی شروع کر دی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہونے والے بچے کی شناخت شاہ داد ولد دورانی قوم چاچڑ کے نام سے ہوئی ہے۔ بچے کی لاش کو ضروری قانونی و طبی کارروائی کے لیے سول ہسپتال سبی منتقل کر دیا گیا ہے۔ ضلع بولان میں مٹھڑی کے قریب بجلی کا شدید کرنٹ لگنے کے دردناک حادثے میں 9 سالہ بچہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق افسوسناک واقعہ مٹھڑی کے جوار میں پیش آیا جہاں 9 سالہ لڑکا کرنٹ کی زد میں آ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

الیکشن کمیشن کا پنجاب میں 7 فروری کو بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم

پنجاب میں بلدیاتی الیکشن مرحلہ وار کرائے جائیں گے، ترجمان الیکشن کمیشن

لاہور (اے این این) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مرحلہ وار کرانے کا حکم دے دیا۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق پہلے مرحلے میں پولنگ کے لیے آئندہ برس 7 فروری کی تاریخ مقرر کر دی گئی ہے۔ حکومت پنجاب نے رواں برس اپریل میں فیصلہ کیا تھا کہ صوبے میں ماہ ستمبر میں بلدیات

بقیہ 1

قرض رول اوور کی یقین دہانی کرادی۔ذرائع کے مطابق چین سے 4ارب ڈالر اور کویت سے 30 کروڑ ڈالر قرض رول اوور کرایا جائے گا،سعودی عرب،چین اور کویت سے مجموعی طور پر 7.3ارب ڈالر قرض رول اوور ملنا ہے۔وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق چین سے 4ارب ڈالر مارچ 2027میں قرض رول اوور کرایا جائے گا، تینوں ممالک سے تقریبا 1سال کیلئے قرض کو رول اوور کرایا جائے گا۔ذرائع کے مطابق پاکستان کو دسمبر میں آئی ایم ایف سے بھی 1.21ارب ڈالر موصول جائیں گے، رواں مالی سال کیلئے 21 ارب ڈالر کی ادائیگیوں میں 7.3ارب ڈالر رول اوور شامل ہے۔

بقیہ 2

۔انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک بھر میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات) روٹین امیونائزیشن (کی کوریج کو مزید بہتر بنایا جائے۔وزیراعظم نے خصوصی طور پر پولیو سے متاثرہ اور پولیو کے حوالے سے تشویش کے حامل علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھانے کی ہدایت کی۔وزیراعظم نے میں انسدادِ پولیو مہمات کے لیے رسائی میں نمایاں بہتری کو قابلِ تحسین قرار دیا اور ملک میں سامنے آنے والے حالیہ پولیو کیسز پر تشویش کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ پولیو کے خلاف پہلے سے زیادہ بہتر حکمت عملی اور بھرپور جدوجہد سے آگے بڑھنا ہوگا۔وزیراعظم نے وفاقی وزیر، وزیر مملکت، سیکرٹری قومی صحت اور انسداد پولیو ٹیم کے اراکین کو فوری طور پر چاروں صوبوں کا فوری دورہ کر کے وزرا اعلی اور چیف سیکریٹریز سے ملاقاتوں کی ہدایت کی اور کہا کہ ایک ہفتے کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کے بعد انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کیا جائے۔اجلاس کو ملک میں حالیہ پولیو کیسز اور انسداد پولیو کے حوالیسے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، آج ہی ضلع خیبر سے پولیو کا نیا کیس سامنے آیا ہے جس کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 9ہوگئی، 2026میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ضلع خیبر سے 3،شمالی وزیرستان سے 3اور ایک پولیو کیس افغانستان کے پولیو وائرس سے متعلق ہیں۔بریفنگ میں کہا گیا کہ رواں سال صوبہ سندھ میں ضلع کراچی شرقی سے ایک اور ضلع سجاول سے ایک پولیو کیس سامنے آیا، افغانستان سے ہونے والی آمد و رفت پاکستان میں اس وقت پولیو کے پھیلنے کی ایک بڑی وجہ ہے،صوبہ پنجاب میں فروری 2025سے پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا؛ صوبہ بلوچستان سے 2025اور 2026میں پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا، پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے ہیں۔اسلام آباد میں 4لاکھ 18ہزار سے زائد، گلگت بلتستان کے 3اضلاع میں ایک لاکھ 49ہزار سے زائد جبکہ آزاد جموں وکشمیر کے 2اضلاع میں ایک لاکھ 82ہزار سے زائد بچوں کی ویکسینیشن مکمل کی جا چکی ہے۔نیشنل ای او سی کا کہنا ہے کہ پولیو ایک لاعلاج مرض ہے،تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس خطرناک بیماری سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔والدین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو انسدادِ پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں۔پولیو ٹیموں سے متعلق معلومات یا شکایات کے لیے قومی ہیلپ لائن 1166 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے، جبکہ واٹس ایپ نمبر 03467776546 پر بھی پیغام بھیجا جا سکتا ہے۔

بقیہ 8

کنٹرول (ساؤتھ) کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کی جماعت جے یو آئی (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم اسلام آباد کی عمارت تعمیراتی نقشوں کی منظوری حاصل کیے بغیر تعمیر کرنے پر باضابطہ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔سی ڈی اے کی جانب سے جاری نوٹس میں اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم شدہ 2023) کی خلاف ورزی کی نشاندہی کی گئی ہے۔سی ڈی اے نے مدرسے کی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ نوٹس کے اجرا کی تاریخ سے 15 دن کے اندر عمارت کے تعمیراتی نقشے متعلقہ اتھارٹی میں جمع کروائے جائیں، بصورتِ دیگر سی ڈی اے آرڈیننس اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020(ترمیم شدہ2023) کی متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔سی ڈی اے کے نوٹس میں مزید خبردار کیا گیا ہے کہ قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کی صورت میں مدرسے کی عمارت کو سیل کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 9

سنٹمبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کے لئے ایک گیم چینجر ثابت ہوگی۔انہوں نے سکیم کے حوالے سے مانیٹرنگ اور کارگر ڈیش بورڈ ترتیب دینے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام ضرار حاشم خان اور ان کی ٹیم کی پذیرائی کی۔وزیراعظم نے پٹرولیم سبسڈی سکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس کو پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی، سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 15,519,282 شہری رجسٹر ہو چکے ہیں،جن میں سے 15.06 ملین موٹر بائیکس اور 449ہزار 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان ہیں۔سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 63153,685ٹوکن جاری ہوئے جن میں سے 59,445,347ٹوکنز کو استعمال / ریڈیم کیا گیا، فیول سبسڈی سکیم کے تحت 4نومبر، 2026 تک 28.6ارب روپے کی ادائیگیاں ہو چکی ہیں۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ پرائم منسٹر فیول ریلیف اسکیم کے حوالے کی معلومات اور شکایات کے ازالے کے لئے صارفین اور پیٹرول پمپس کے لئے الگ الگ کال سینٹرز قائم کئے گئے ہیں۔اجلاس میں نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفی کمال، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے قومی صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ، وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو سینیٹر عائشہ رضا فاروق اور متعلقہ اعلی سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 3

مائیکرو فنانس، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔فریقین نے علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا اور آرفر پلس ای فور فریم ورک کے تحت جاری تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ دوطرفہ امور اور باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مسلسل تعاون کی ضرورت ہے۔

بقیہ 4

ایسے نہیں چلے گا، اس معاملے پر پیمرا کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) کو صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی نظام وضع کرنا ہوگا، اب ایسے نہیں چلے گا، اس معاملے پر پیمرا کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

بقیہ 5

سینیٹر محمد اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔بات چیت کے دوران حالیہ علاقائی اور عالمی صورتحال بھی زیر بحث آئی، دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے مسلسل مذاکرات اور سفارتی روابط جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 6

آپریشنل تیاریوں اور مشن کی تکمیل کے لیے استعداد کار پر بریفنگ دی گئی۔فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جدید ترین خصوصی آلات کا معائنہ کیا اور ایس ایس جی کی جنگی مہارت اور خصوصی آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا۔آئی ایس پی آر کے بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایس ایس جی کے افسران اور جوانوں کے پیشہ ورانہ معیار، بلند حوصلے اور فرض شناسی کو سراہا۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت ناگزیر ہے اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ ایس ایس جی کو بدلتے ہوئے سیکیورٹی خطرات کے مقابلے میں برتری برقرار رکھنے کے لیے اعلی معیار کی تیاری جاری رکھنا ہوگی۔

بقیہ 7

پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا دیئے گئے۔نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق انسداد پولیو مہم کا چوتھا روز جاری ہے، جبکہ مہم 8نومبر تک جاری رہے گی، اس مہم کے دوران ملک بھر میں تقریبا 2 کروڑ 40لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔نیشنل ای او سی کے مطابق مہم میں 2لاکھ سے زائد پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔صوبائی اور علاقائی تفصیلات کے مطابق پنجاب کے 13منتخب اضلاع میں 75لاکھ 52 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں، جبکہ سندھ کے 20اضلاع میں تقریبا 56 لاکھ 59ہزار بچوں کی ویکسینیشن مکمل ہو چکی ہے۔اسی طرح خیبر پختونخوا کے 27اضلاع میں تقریبا 40لاکھ 2ہزار، بلوچستان کے 31 اضلاع میں 16لاکھ 50ہزار سے زائد بچوں کو

بقیہ 14

پروگرام کے تحت طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے جبکہ گورنر بلوچستان نے یونیورسٹی میں جدید ڈیجیٹل ای لائبریری کا افتتاح بھی کیا۔انہوں نے ای لائبریری کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل وسائل تک رسائی نوجوانوں میں فکری وسعت، ریسرچ اور علم کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔گورنر بلوچستان نے ان خیالات کا اظہار بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (BUMHS) کوئٹہ کے زیر اہتمام نئے داخل ہونے والے طلباء / طالبات کے اعزاز میں منعقدہ اوئیٹیشن اور وائٹ کوٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی، فیکلٹی ممبرز، طلباء / طالبات اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہر دور کے اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔ماضی میں اکیڈمک ڈگریوں کی اہمیت زیادہ تھی تاہم موجودہ دور میں پریکٹیکل مہارتوں اور اسکلز ڈیولپمنٹ کی اہمیت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔پروفیشنل اور ٹیکنیکل کورسز مکمل کرنے والے نوجوان اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ نوجوانوں کیلئے جاپان، چین اور دیگر ممالک میں اسکالرشپ کے مواقع پیدا کیے جائیں۔انہوں نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی مالی معاونت میں موجودہ حکومت اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرکاری یونیورسٹیز کو درپیش مشکلات کے حل اور تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے مسلسل کوششیں جاری ہیں۔سینیٹ اور سنڈیکیٹ جیسے ادارے یونیورسٹیوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کیونکہ ان میں شامل انتہائی پڑھے لکھے تجربہ کار اور ماہرین اور سینئر شخصیات اپنی اعلی بصیرت اور اجتماعی دانش سے تعلیمی اداروں کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرتی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی بہتری کیلئے کی جانے والی انتھک کوششوں کے مثبت نتائج سامنے آچکے ہیں اور سرکاری یونیورسٹیوں کی رینکنگ اور اسکورنگ میں ڈبل اضافہ ہوا ہے۔گورنر بلوچستان نے پروفیسرز اور پی ایچ ڈی اسکالرز کی مستقل تعیناتی پر پابندی کے باعث 100 سے زائد پی ایچ ڈی اسکالرز کے صوبہ چھوڑنے پر افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ سینئر پروفیسرز اور ریسرچرز کو جاب سیکورٹی اور مناسب معاوضہ فراہم نہ کرنا ضروری ہے۔اس مسئلے کے پائیدار حل کیلئے صوبائی کابینہ کی منظوری اور باہمی مشاورت سے جلد اقدامات کیے جائینگے۔انہوں نے کہا کہ بعض مستحق طلبہ مالی مشکلات اور فیس ادائیگی کی استطاعت نہ رکھنے کے باعث اپنی تعلیم ادھوری چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔اس حوالے سے انہوں نے وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی کو مستحق طلبہ کی فیسوں میں رعایت دینے کی اجازت دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ فیس کم کرنے اور طلبہ کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حامی رہے ہیں۔صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ موجودہ دور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا دور ہے تاہم انسانی خود اللہ تعالی کی تخلیق کردہ ایک عظیم آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کو مختلف بحرانوں سے نکالنے میں وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا خصوصی تعاون حاصل رہا ہے۔انہوں نے ڈیجیٹل لائبریری کے قیام کی کوششوں کو بھی سراہا۔وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی نے کہا کہ آج ہم سب کیلئے فخر اور اعزاز کا دن ہے کیونکہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز نے بیک وقت کئی اہم سنگ میل عبور کیے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی ہدایات پر شروع کیے گئے شارٹ اور لانگ پروفیشنل کورسز کیلئے اب تک 20 ہزار درخواستیں موصول ہو چکی ہیں جو صوبے کی تمام یونیورسٹیوں کی تاریخ میں ایک منفرد کامیابی ہے۔تقریب کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جدید تعلیم، ڈیجیٹل سہولیات، پریکٹیکل مہارتوں اور مالی معاونت کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جائیگا تاکہ وہ نہ صرف اپنے مستقبل کو روشن کر سکیں بلکہ صوبے کی معاشی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کریں۔

بقیہ 15

ہے، جبکہ سنبل روڈ پر بچے کی بوری بند لاش ملنے کے واقعے میں مقتول کی چچی کو حراست میں لیا گیا ہے۔کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی آئی جی عمران شوکت نے کہا کہ ستمبر اور اکتوبر کے مہینوں میں شہر میں سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے۔گزشتہ دو ماہ سے ایک منظم گینگ شہر میں سرگرم تھا، جس نے مختلف وارداتوں کے ذریعے تقریبا 70لاکھ روپے کا مال لوٹا۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پانچ رکنی گروہ کو گرفتار کیا، جس میں ایک پولیس اہلکار اور خواتین بھی شامل تھیں۔انہوں نے کہا کہ پولیس کی صفوں میں موجود کالی بھیڑوں کے لیے کوئی جگہ نہیں اور محکمہ اپنے اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی سے گریز نہیں کرے گا۔سرکاری وسائل پر پولیس اہلکاروں کو سوشل میڈیا استعمال کرنے کی اجازت نہیں، جبکہ ہراسگی سے متعلق رپورٹ ہونے والے مقدمات میں بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ڈی آئی جی نے بتایا کہ تاجر ہاشم نورزئی کے قتل میں ملوث ملزم سعد اللہ نورزئی کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔اسی طرح سنبل روڈ پر بچے کی بوری بند لاش ملنے کے واقعے کی تحقیقات کے دوران قتل میں مبینہ طور پر ملوث بچے کی چچی کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سریاب روڈ پر دو افراد کے قتل اور بینک ڈکیتی کے واقعات کی تحقیقات جاری ہیں۔بینک ڈکیتی کی تفتیش سی ٹی ڈی کر رہی ہے اور ابتدائی تحقیقات میں کالعدم تنظیم کے ملوث ہونے کا پہلو سامنے آیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بینک انتظامیہ کی جانب سے بھی غفلت سامنے آئی ہے، جس کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ڈی آئی جی عمران شوکت کی پریس کانفرنس کے دوران اچانک بجلی چلی گئی، جس کے باعث پریس کانفرنس میں کچھ دیر کے لیے تعطل پیدا ہوا

بقیہ 16

کرنے اور طلبہ کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے متعلقہ حکام سنجیدگی سے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔انہوں نے واضح کیا کہ ضلع گوادر میں تعلیم اور صحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ان دونوں شعبوں کی بہتری کے لیے ان کا تعاون جاری رہے گا تاہم متعلقہ افسران اور محکمہ تعلیم کو بھی عوامی توقعات کے مطابق عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ 17

ایم پی اے جی ایچ کیو کیٹ حملہ کیس میں عدالت پیشی کے لیے آئے تھے۔جاوید کوثر کو دھمیال، نصیر آباد اور ٹیکسلا میں درج مقدمات میں تحویل میں لیا گیا ہے۔پولیس کی خصوصی ٹیم جاوید کوثر کو لیکر موقع سے روانہ ہوگئی۔

بقیہ 18

کردہ بیان کے مطابق سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ خوری کے حوالے سے بار ہا شکایات کی جا چکی ہیں،لیکن افسوس کہ تاحال ان شکایات کا کوئی موثر نوٹس نہیں لیا گیا اور نہ ہی متاثرہ افراد کو ریلیف فراہم کیا گیا ہے۔ چیک پوسٹ پر تعینات چند اہلکار تیل بردار چھوٹی گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں سے فی گاڑی تین ہزار روپے زبردستی بھتہ وصول کرتے ہیں۔عوام اور مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کو مبینہ طور پر ناجائز وصولیوں کا سامنا کرنا پڑے تو یہ نہ صرف ان کے معاشی استحصال کا باعث بنتا ہے۔بلکہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھاتا ہے۔کسی بھی چیک پوسٹ پر تعینات اہلکاروں کو قانون سے بالاتر ہو کر شہریوں کو تنگ کرنے یا زبردستی رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اگر کسی اہلکار کے خلاف ایسی شکایات سامنے آرہی ہیں تو ان کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔آل بلوچستان بیروزگار یونین کے مطابق متعلقہ حکام کی بار بار توجہ دلانے کے باوجود خاموشی اختیار کرنا قابل افسوس ہے۔عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات سے دوچار ہیں، ایسے حالات میں مبینہ ناجائز وصولیوں کا بوجھ برداشت کرنا ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کرتا ہے۔ترجمان نے مطالبہ کیا کہ سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ خوری کی شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے، معاملے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور عوام کو مبینہ ناجائز وصولیوں سے نجات دلائی جائے۔بیان میں واضح کیا گیا ہے۔کہ اگر ان کے مطالبات پر فوری توجہ نہ دی گئی اور شکایات کا ازالہ نہ کیا گیا تو آل بلوچستان بیروزگار یونین سنگداس چیک پوسٹ کے خلاف احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی، جس میں قومی شاہراہ غیر معینہ مدت تک بند کرنا پہلا آپشن ہوگا۔جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 19

کا کڑ کے دستخطوں سے جاری کردہ باضابطہ نوٹیفکیشن کے مطابق، وزیراعلی بلوچستان کے فیصلے اور چیف سیکرٹری کی منظوری سے BEEF کمپنی کو ختم کیا جا رہا ہے۔اس سلسلے میں ایک 4رکنی اعلی سطح کمیٹی قائم کر دی گئی ہے جس کے چیئرمین سیکرٹری S&GAD ہوں گے جبکہ سی ای او BEEF بطور ممبر سیکرٹری فرائض انجام دیں گے۔جاری کردہ نوٹیفکیشن کے متن کے مطابق، یہ کمیٹی BEEF کے تمام مالیاتی فنڈز، سرمایہ کاری، اثاثوں، ملازمین کے ریکارڈ اور واجبات کی تفصیلی چھان بین کرے گی۔اس کے علاوہ طالب علموں کے ساتھ کیے گئے اسکولرشپ کے معاہدوں اور وعدوں کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا۔تصمیم کے تحت بیف کا تمام ریکارڈ اور ڈیٹا سسٹم محکمہ خزانہ کے زیر انتظام قائم ہونے والے نئے اسکالرشپ یونٹ کو منتقل کیا جائے گا۔نوٹیفکیشن میں مزید سفارش کی گئی ہے کہ BEEF کے 10 سے 15 ٹیکنیکل ملازمین کو محکمہ خزانہ میں برقرار رکھا جائے گا۔کمیٹی 30دن کے اندر اپنی جامع رپورٹ پیش کرنے کی پابند ہوگی۔

بقیہ 20

عادل عزیز قاضی کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی ہے۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن پرانی حلقہ بندیوں پر انتخابات کروانا چاہتا ہے جن کی قانونی حیثیت کا تعین کیے بغیر الیکشن نہیں کرایا جا سکتا۔

بقیہ 21

اور سرپرستی فراہم کر کے قومی اور بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا جاسکتا ہے وزیراعلی نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے باصلاحیت بچوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی صلاحیتوں کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وسائل کی کمی کسی باصلاحیت بچے کی ترقی اور کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دی جائے گی۔

بقیہ 22

واعلی تعلیم حاصل کر کے ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے نوجوانوں کو ملک کا قیمتی سرمایہ قرار دیتے ہوئے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا رہی ہے تاکہ وہاں کے نوجوانوں کو ان کے دہلیز پر ترقی کے یکساں مواقع میسر آئیں۔

بقیہ 23

جب ان سے ان سے پوچھا گیا کہ کیا وہ وزیر دفاع کو تبدیل کرنے پر غور کر رہے ہیں؟ تو ان کا کہنا تھا کہ نہیں، میرے خیال میں وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔اس سے قبل جے ڈی وینس نے کہا تھا کہ ایران کے ساتھ جنگ ریپبلکن پارٹی کی وسط مدتی انتخابات میں شکست کی وجہ بنی، ان کے اس بیان کو 2028 کے صدارتی انتخابات سے پہلے خود کو اس غیر مقبول جنگ سے الگ کرنے کی کوشش بھی قرار دیا جا رہا ہے۔ جے ڈی وینس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک طویل بیان میں کہا کہ ہماری شکست کی وجہ جنگ ہے، صدر ٹرمپ نے بھی گزشتہ رات یہی بات کہی تھی۔ان کا اشارہ ٹرمپ کے اس بیان کی طرف تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ایران جنگ شکست کی ایک وجہ تھی، تاہم ان کے بقول یہ جنگ پھر بھی ضروری تھی۔وسط مدتی انتخابات کے نتائج کے بعد وائٹ ہاؤس کا کہنا تھا کہ ریپبلکنز کی ہار کے بعد بھی صدر ٹرمپ ہی ہیں۔وائٹ ہاؤس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک تصویر کے ساتھ یہ پیغام جاری کیا، جس میں ٹرمپ اوول آفس میں صدارتی میز کے پیچھے غصے میں دکھائی دے رہے ہیں۔اسی طرح مزید 'اس معاملے پر توجہ دینے کا شکریہ' بھی لکھا گیا، یہ وہ جملہ ہے جو اکثر صدر ٹرمپ اپنے سوشل میڈیا پیغامات میں استعمال کرتے ہیں۔خیال رہے کہ اپوزیشن جماعت ڈیموکریٹس نے ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں میں اکثریت حاصل کر لی تھی، جس سے ٹرمپ اور ریپبلکن پارٹی کو بڑا سیاسی دھچکا لگا۔کانگریس کا کنٹرول ڈیموکریٹس کے ہاتھ میں جانے سے ٹرمپ کی امریکی سیاست پر گرفت کمزور ہوگئی ہے، اب ڈیموکریٹس قانون سازی کر سکتے ہیں، ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف تحقیقات شروع کر سکتے ہیں اور ان کی جانب سے اہم عہدوں پر تقرریوں کو روک سکتے ہیں۔

بقیہ 24

شروع کردی۔پولیس حکام نے بتایا کہ کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہونے والے بچے کی شناخت شاہ داد ولد دورانی قوم چاچڑ کے نام سے ہوئی ہے۔ بچے کی لاش کو ضروری قانونی وطبی کارروائی کے لیے سول ہسپتال سبی منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 25

کمیشن کے 4رکنی بنچ نے ساعت کی جس میں وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل کمیشن پیش ہوئے۔دوران ساعت چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پنجاب کی کابینہ کمیٹی اور الیکشن کمیشن کا اجلاس ہوا تھا، پنجاب حکومت نے 15دسمبر سے 15جنوری کے دوران الیکشن کرانے کا کہا تھا۔چیف سیکرٹری پنجاب نے وضاحت پیش کی کہ ہماری بلدیاتی الیکشن کی تیاری مکمل ہے، درخواست ہے کہ انتخابات کیلئے 20 جنوری کے بعد کی تاریخ دی جائے کیونکہ ہمیں الیکشن تیاری کے لیے 2ماہ چاہئیں۔چیف سیکرٹری نے مزید کہا کہ پنجاب اور لاہور میں دسمبر میں بہت دھند ہوتی ہے، 20جنوری کے بعد موسم کھل جاتا ہے، اسٹاف کے لیے انتظامات کے حوالے سے دسمبر بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔الیکشن کمیشن کے ممبر نے کہا کہ آپ تو اپریل کا الیکشن کہہ رہے تھے جس پر چیف سیکرٹری پنجاب نے بتایا کہ ہم نے دوبارہ سوچا کہ جنوری اور فروری میں انتخابات پر ہمیں اعتراض نہیں ہے۔چیف سیکرٹری پنجاب نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اپریل میں ہمیں الیکشن سوٹ کرتا تھا کیونکہ اپریل میں اسکول کی چھٹیاں ہوتی ہیں،سردی میں دن بھی بہت چھوٹا اور ووٹر نہیں نکلتا، اپریل میں روشنی کا پورا دن ملتا ہے۔چیف سیکرٹری پنجاب کی وضاحت پر چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کہا کہ بسنت تو ویسے آپ منا رہے ہیں لیکن ہم 20 جنوری کی درخواست پر غور کریں گے اور اس کے بعد ہی الیکشن تاریخ کا اعلان کردیں گے۔

بقیہ 26

پی ٹی آئی والے کہتے تھے کہ ٹرمپ جب آئے گا تو لگ پتا جائے گا، آج وہی لوگ کہہ رہے کہ ٹرمپ ہار تو ہمارا نقصان ہوگا، پی ٹی آئی والے پہلے بھی غلط تھے آج بھی غلط ہیں، ان چیزوں کا پاکستان کے سفارتی تعلقات میں بہت کم عمل دخل ہوتا ہے۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان بلڈ پریشر اگر 190پلس ہوگیا تھا تو بالکل توجہ دینی چاہئے، ڈاکٹرز ان کا باقاعدہ معائنہ کرتے ہیں،عمران خان کے علاج کے حوالے سے قطعی طور پر کوئی کوتاہی نہیں ہو رہی۔

بقیہ 27

نظام کو بہتر بنانا اہم ضرورت ہے، ڈیجیٹل میڈیا میں خصوصی کورسز متعارف ہونے چاہئیں۔وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ معرکہ حق کے دوران جنریشن زی نے سوشل میڈیا پر کمال مہارت کا مظاہرہ کیا، بھارتی میڈیا کی جانب سے پھیلائی گئی جعلی خبروں کا پاکستانی میڈیا نے ذمہ داری سے جواب دیا۔عطا تارڑ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر معلومات کا غلط پھیلاؤ روکنا اہم چیلنج ہے،مصنوعی ذہانت کے منفی استعمال کا رجحان بھی خطرناک ہے، سائبر کرائمز کی روک تھام کے لیے نیشنل سائبر کرائم اتھارٹی کو مزید فعال کیا جائے گا۔چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ ہمیں ایک ٹیم ورک کے ساتھ کام کرنا ہے تاکہ یہ اہم نوعیت کا منصوبہ اپنے وقت مقررہ پر مکمل ہو سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا کہ صوبائی حکومت کی یہ اولین ترجیح ہے رکھی شہر کو دور حاضر کے جدید سہولیات سے ہم آہنگ کریں جس کے کشادہ سڑکیں موٹر سٹریٹ لائیٹس معیاری بائی پاس کے علاوہ مرکزی بازار میں دکانوں اور ریڑھی بانوں کے لیے الگ اور منظم جگہ فراہم کی جائے گی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے اس عزم کا اظہار کیا کہ رکھنی شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا تاکہ پسماندہ علاقوں کی ترقی اور خوشحالی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جائے۔

بقیہ 28

کے شعبوں میں تعاون مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔اس موقع پر جام کمال خان نے پاکستان اور سعودی عرب کی کمپنیوں کے درمیان باہمی مفاد پر مبنی مشترکہ منصوبوں کے نئے امکانات تلاش کرنے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے تجویز دی کہ دونوں ممالک کے نمایاں کاروباری ادارے افریقی منڈیوں میں دستیاب تجارتی مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے شراکت داری قائم کریں۔انہوں نے اقتصادی امکانات کو عملی کاروباری شراکت داریوں میں تبدیل کرنے کے لیے ادارہ جاتی روابط اور نجی شعبے کے درمیان تعاون بڑھانے پر زور دیا اور سعودی نمائندے کو آئندہ فوڈ ایگ نمائش میں شرکت کے لیے پاکستان کے دورے کی دعوت دی تاکہ زراعت، لائیوسٹاک اور غذائی صنعتوں میں سرمایہ کاری اور تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا جاسکے۔

بقیہ 29

ہوگا۔چیف جسٹس پاکستان یحیی آفریدی فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کریں گے، جس

ایک ساتھ 3 چھٹیاں، اسکول، بینک اور سرکاری دفاتر بند رہیں گے

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

کراچی (اے این این) شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یوم ولادت کے موقع پر حکومتِ پاکستان نے 9 نومبر کو ملک گیر عام تعطیل کا فیصلہ کیا ہے۔ رواں سال 19 جنوری 2026 کو منظور کیے گئے سالانہ تعطیلات کے شیڈول کی روشنی میں 9 نومبر بروز پیر کو تمام وفاقی و صوبائی محکموں، روزگار کے مراکز اور تعلیمی اداروں میں چھٹی ہوگی۔ یومِ اقبال کے موقع پر 9 نومبر کو تمام مالیاتی ادارے اور بینکس بند رہے گا، جس کا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اعلان کر دیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے یومِ اقبال پر عام تعطیل کے اعلان کے تحت

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

بلال بن ثاقب کی ماسٹر کارڈ کے ڈویژنل صدر برائے مشرقی عربیہ مارک ایلیٹ سے ملاقات

سرحد پار ادائیگیوں، ڈیجیٹل اثاثہ جات کے بنیادی ڈھانچے، ٹوکنائزیشن اور مالیاتی شعبے کے استحکام پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیرِ مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے ماسٹر کارڈ کے ڈویژنل صدر برائے مشرقی عربیہ مارک ایلیٹ سے ملاقات کی، جس میں روایتی مالیاتی نظام اور جدید ڈیجیٹل اثاثہ جات کی ٹیکنالوجیز کے امتزاج سے پیدا ہونے والے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلاک چین پر مبنی جدید مالیاتی نظام کے بڑھتے ہوئے کردار پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس ضمن میں سرحد پار ادائیگیوں کو مزید مؤثر بنانے، ترسیلاتِ زر کے نظام کو بہتر بنانے، مالیاتی اثاثہ جات کی ذمہ دارانہ ٹوکنائزیشن کو فروغ دینے اور جدید مالیاتی خدمات تک عوام کی رسائی بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اس امر کو اجاگر کیا گیا کہ پاکستان کو سالانہ 40 ارب ڈالر سے زائد کی ترسیلاتِ زر موصول ہوتی ہیں اور ملک کی ڈیجیٹل معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ ایسے میں جدید مالیاتی ٹیکنالوجیز سے نہ صرف قومی معیشت کو فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے بلکہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں، فری لانسرز، چھوٹے کاروباری اداروں اور مالیاتی شعبے کے لیے بھی نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ دونوں جانب سے ڈیجیٹل ادائیگیوں، سائبر سیکیورٹی، مالیاتی شفافیت اور مالیاتی نظام کے تحفظ سے متعلق عالمی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکرز اور ایک ٹگ بوٹ میں آگ لگ گئی

تہران (اے این این) پاسدارانِ انقلاب کے مطابق آبنائے ہرمز میں غیر مجاز راستوں سے گزرنے کی کوشش کے دوران دو آئل ٹینکرز اور ایک ٹگ بوٹ میں الگ الگ واقعات میں آگ لگی۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ ایک آئل ٹینکر آبنائے ہرمز کے جنوب میں گزرگاہ سے نکلنے کی کوشش کے دوران بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا جبکہ دوسرا بڑا آئل ٹینکر آبی گزرگاہ کے مشرقی حصے میں راستے سے نکلتے ہوئے آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ دوسرے ٹینکر کی آگ بجھانے کے لیے قریب آنے والی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

سعودی اتحاد کا مدینہ منورہ کی طرف داغا جانے والا میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب میں سکیورٹی اور دفاعی نظام کی بروقت اور مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں ایک بڑا فضائی خطرہ ٹل گیا، سعودی عرب کی قیادت میں قائم عسکری اتحاد نے تصدیق کی ہے کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے مدینہ منورہ کے مقدس خطے کو نشانہ بنانے کے لیے داغا جانے والا ایک بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا، اس واقعے کے علاوہ ملک کے مختلف حصوں میں حفاظتی وارننگز کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ خلیج ٹائمز کے مطابق سعودی اتحاد کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ یمن میں سرگرم حوثی ملیشیا نے مدینہ منورہ کے علاقے کی جانب ایک بیلسٹک میزائل فضا میں فائر کیا، تاہم سعودی عرب کے جدید فضائی دفاعی نظام نے اس میزائل کو نشانے پر پہنچنے سے پہلے ہی فضا میں روک لیا اور کامیابی کے ساتھ تباہ کر دیا، سعودی اتحاد نے اس جارحانہ اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے حوثی ملیشیا کو دہشت گرد قرار دیا اور خبردار کیا ہے کہ مملکت کے مقدس مقامات اور شہریوں کی حفاظت کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔ سعودی عرب میں سکیورٹی اور دفاعی نظام کی بروقت اور مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں ایک بڑا فضائی خطرہ ٹل گیا، سعودی عرب کی قیادت میں قائم عسکری اتحاد نے تصدیق کی ہے کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے مدینہ منورہ کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی ملاقات کر رہی ہیں

الیکشن کمیشن کا خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات روکنے کا فیصلہ

وفاقی حکومت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل A-140 کی معطلی کے حکم نامے کے بعد انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں رہا

خیبر پختونخوا میں سوائے اُن اضلاع کے جہاں گورنر رول اور ایمرجنسی کے بعد آئین کے آرٹیکل A-140 کو معطل کر دیا گیا تھا، ترجمان

اسلام آباد (اے این این) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا کے باقی اضلاع میں بھی بلدیاتی انتخابات کا عمل تاحکمِ ثانی روکنے کا فیصلہ کر لیا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل A-140 کی معطلی کے حکم نامے کے بعد انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں رہا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق خیبر پختونخوا میں سوائے اُن اضلاع کے جہاں گورنر رول اور ایمرجنسی کے بعد آئین کے آرٹیکل A-140 کو معطل کر دیا گیا تھا، بلدیاتی انتخابات کروانے کا فیصلہ کیا گیا تھا اور اس سلسلے میں متعدد اقدامات شروع کر دیے گئے تھے۔ الیکشن کمیشن کے اجلاس میں وفاقی حکومت کی جانب سے گزشتہ روز جاری کردہ آرڈر نمبر 3 مورخہ 4 نومبر 2026 زیر بحث لایا گیا۔ اجلاس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کی۔ اجلاس میں مذکورہ حکم نامے کی شق نمبر 2 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ حکم نامے کے تحت آئین پاکستان کے آرٹیکل A-140

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

ٹرمپ کی الیکشن میں شکست کے بعد اب امریکا ایران جنگ ختم ہوتی نظر آ رہی ہے، ملیحہ لودھی

کانگریس مخالف جماعت کے پاس ہوگی تو ٹرمپ کیخلاف مختلف مقدمات بھی کھل سکتے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) امریکا میں پاکستان کی سابق سفیر ڈاکٹر ملیحہ لودھی کا کہنا ہے کہ ٹرمپ کی الیکشن میں شکست کے بعد اب امریکا ایران جنگ ختم ہوتی نظر آ رہی ہے، کانگریس مخالف جماعت کے پاس ہوگی تو ٹرمپ کیخلاف مختلف مقدمات بھی کھل سکتے ہیں۔ انہوں نے میڈیا کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کی شکست کے بعد اب امریکا ایران جنگ ختم ہوتی نظر آ رہی ہے، یا تو کوئی گفت وشنید کا راستہ تلاش کیا جائے گا، یا پھر کانگریس اس پر حاوی ہوگی، کانگریس قرارداد منظور کر سکتی ہے کہ جنگ کو ختم کرنا ہے۔ کانگریس اب ٹرمپ کی مخالف جماعت کے پاس ہوگی تو ان کی کوشش ہوگی کہ مختلف مقدمات کو اوپن کیا جائے۔ ٹرمپ کے خلاف جو چیزیں جوڈیشل پراسس میں ہیں وہاں پر بھی تیزی دیکھنے کو ملے گی، اب شاید صدر ٹرمپ کی احتساب کا وقت آ گیا ہے۔ الیکشن میں شکست کے بعد صدر ٹرمپ کو حکومت اور گورننس کا طریقہ تبدیل کرنا پڑے گا، لوگوں کو ڈرانا دھمکانہ گالیاں نکالنا یہ طریقہ فیل ہو گیا ہے۔ اب صدر ٹرمپ پر پریشر

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

متحدہ اپوزیشن اجلاس، انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شمولیت کا فیصلہ نہ ہو سکا

اسلام آباد (اے این این) متحدہ اپوزیشن اجلاس میں انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شمولیت کا حتمی فیصلہ نہ ہو سکا۔ اجلاس میں انتخابی اصلاحات کا معاملہ آل پارٹیز کانفرس میں زیر بحث لانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انتخابی اصلاحات کے معاملے پر جے یو آئی اور دیگر اپوزیشن کا الگ الگ نقطہ نظر ہے، جے یو آئی کے بعض رہنما انتخابی اصلاحات کے حامی، اجلاس میں رائے کا اظہار بھی کیا، اراکین کا مقف تھا کہ انتخابی اصلاحات سے مزید بہتری لائی جا سکتی ہے، کئی نکات کی گنجائش ہے۔ دیگر اپوزیشن قائدین نے انتخابی اصلاحات کے معاملے پر واضح موقف دینے سے گریز کیا، پی ٹی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت 104 ارب روپے کے رہائشی قرضے جاری

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت رہائشی قرضوں کی فراہمی 104 ارب روپے سے تجاوز کر گئی جبکہ جون 2026 سے اب تک قرضوں کی تقسیم میں 404 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ہزاروں خاندانوں کے اپنے گھر کا خواب حقیقت میں بدلنے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام کے باضابطہ آغاز کے صرف چھ ماہ میں کم لاگت رہائشی فنانسنگ کے شعبے میں نمایاں پیش رفت ہوئی اور حکومتی وعدے عملی نتائج میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ اکتوبر 2026

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسٹیٹ بینک عام تعطیل کی وجہ سے 9 نومبر کو بند رہے گا

کراچی (اے این این) وفاقی حکومت کی جانب سے یوم اقبال پر عام تعطیل کے باعث اسٹیٹ بینک آف پاکستان بھی 9 نومبر کو بند رہے گا۔ اعلامیہ کے مطابق بینک دولت پاکستان حکومتِ پاکستان کے اعلان کے مطابق یومِ علامہ اقبال کے موقع پر عام تعطیل کی وجہ سے پیر 9 نومبر 2026 کو بند رہے گا۔ واضح رہے کہ ہفتہ اور اتوار چھٹیوں کے باعث تمام بینک ویسے ہی بند رہتے ہیں جبکہ یوم اقبال پیر کو روز آنے کے سبب تمام بینک 3 روز بند رہیں گے۔ وفاق کے بعد صوبائی حکومتوں کی جانب سے بھی یوم اقبال پر عام تعطیل کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے یوم اقبال پر عام تعطیل کے باعث

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

یومِ اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (یو این اے) یوم اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وفاقی حکومت نے یوم اقبال کے موقع پر 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے 9 نومبر کو یوم اقبال کے سلسلے میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق یوم اقبال کے موقع پر پنجاب بھر کے تمام سرکاری و نجی سکول بند رہیں گے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے تمام ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ یومِ اقبال

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

ملک میں ٹک ٹاک پر پابندی بارے گردش کرنے والا نوٹیفکیشن جعلی ہے، پی ٹی اے

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سوشل میڈیا پر ٹک ٹاک پر مبینہ پابندی کے حوالے سے گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کی سختی سے تردید کرتے ہوئے اسے مکمل طور پر جعلی اور گمراہ کن قرار دیا ہے۔ جمعرات کو ترجمان پی ٹی اے کی جانب سے جاری وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ اتھارٹی کی جانب سے ملک میں ٹک ٹاک پر پابندی عائد کرنے کا کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا اور اس حوالے سے سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی تمام اطلاعات من گھڑت اور بے بنیاد ہیں۔ پی ٹی اے نے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ اور افواہوں پر مبنی معلومات پر نہ تو کان دھریں اور نہ ہی انہیں آگے شیئر کریں۔ ترجمان

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایران پر حملہ امریکا کو فتح نہیں شکست سے دوچار کرے گا، اسماعیل بقائی

تہران (اے این این) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد واشنگٹن کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران پر حملہ امریکا کو فتح نہیں بلکہ شکست سے دوچار کرے گا۔ ایکس پر جاری بیان میں اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکی حکومت نے لالچ اور تکبر کے زیر اثر، اور ایک دھوکے باز حکومت کے مفادات کی خاطر اپنے ملک کو ایران کے خلاف غیر قانونی اور ہولناک جنگ میں جھونک دیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے تمام اندازے غلط ثابت ہوئے، مفروضے دھڑام سے زمین بوس ہو گئے اور آپ کی تزویراتی غلطیاں عیاں ہو گئیں۔

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

وفاقی آئینی عدالت میں جے یو آئی کی مخصوص نشست سے متعلق اپیل خارج

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کی مخصوص نشست کے تنازع سے متعلق اپیل خارج کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔ جے یو آئی کی مخصوص نشست سے متعلق درخواست پر چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ سماعت کے دوران جے یو آئی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ جماعت نے مخصوص نشستوں کے لئے چار ناموں پر مشتمل فہرست جمع کرائی تھی، تاہم الیکشن کمیشن مخصوص نشستوں کے لئیا میدواروں کی فہرست میں تبدیلی نہیں کر سکتا۔ وکیل جے یو آئی کا کہنا تھا کہ یہ پاکستان کی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ میں اکتوبر 2026 کے دوران 3 ہزار 551 مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں

کوئٹہ (جی این ایم) ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے کہا ہے کہ ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ میں اکتوبر 2026 کے دوران مجموعی طور پر 3 ہزار 551 مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں جبکہ 710 تشویشناک مریضوں کو داخل کیا گیا۔ اس دوران 214 آپریشنز کیے گئے، 3 ہزار 509 لیبارٹری ٹیسٹ، 70 الٹراساؤنڈ، 1 ہزار 347 سی ٹی سکین اور 2 ہزار 630 ایکسرے مفت فراہم کیے گئے۔ جمعرات کو اپنے بیان میں ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے کہا کہ 91 مریضوں کو خون کی منتقلی کی سہولت دی گئی جبکہ مختلف حادثات و واقعات میں 1 ہزار 161 روڈ ٹریفک حادثات، 1

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

کسٹمز حکام کی کارروائی، کراچی بندرگاہ پر 27 کروڑ 70 لاکھ روپے مالیت کا بڑا فراڈ کا انکشاف

کراچی (اے این این) کراچی بندرگاہ پر کسٹمز حکام نے ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کے سامان کا فراڈ بے نقاب کر دیا۔ کراچی بندرگاہ پر کسٹمز حکام نے ایک بڑی کارروائی کی ہے، کنسائنمنٹ ایکسپورٹ پروسیسنگ زون رسالپور کیلئے جا رہا تھا، تاہم اس کی درآمدی دستاویزات اور اصل سامان میں زمین آسمان کا فرق نکلا ہے۔ ابتدائی دستاویزات کے مطابق اس کنسائنمنٹ میں مصنوعی پھول، مشینری کے پرزے اور اسپیرے ظاہر کیے گئے تھے تاکہ حکام کو دھوکہ دیا جا سکے۔ لیکن جب کسٹمز حکام نے کنسائنمنٹ کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی تو حقیقت بالکل مختلف نکلی۔ تلاشی کے دوران

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

متعدد یورپی ممالک کی ایئر لائنز میں بم کی اطلاع، رخ تبدیل کرنا پڑ گیا

ڈبلن (اے این این) آئرلینڈ کے دارالحکومت ڈبلن سے اٹلی کے شہر روم جانے والے مسافر طیارے کو بم کی اطلاع موصول ہونے کے بعد فرانسیسی ایئر بیس پر اتار لیا گیا۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق فرانسیسی وزیر اعظم کے دفتر نے اس واقعے کی تصدیق کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایئر لنگس کی ایئر بس اے 320 جمعرات کی صبح آئرلینڈ سے روانہ ہوئی تھی، تاہم پرواز کے دوران ہنگامی الرٹ جاری کیے جانے کے بعد اسے شمالی فرانس میں واقع ایوروکس کے ایئر بیس پر اتار لیا گیا۔ دوسری جانب اٹلی کے شہر میلان سے پولینڈ کے دارالحکومت وارسا جانے والی وِز ایئر کی ایک پرواز نے بھی ہنگامی الرٹ جاری ہونے کے بعد اپنا رخ آسٹریا کے دارالحکومت

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

پنجاب کے سرکاری قانونی نظام کی ڈیجیٹلائزیشن کی طرف اہم قدم

صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان لا افسران میں ٹیبلٹ تقسیم کر رہے ہیں

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خاں نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب حکومت کے قانونی نظام کو جدید بنانے، عدالتی مقدمات کی موثر پراسیکیوشن کو یقینی بنانے اور سرکاری امور میں زیادہ شفافیت اور کارکردگی لانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سرکاری اداروں کو ٹیکنالوجی کے ذریعے جدید بنانے، کاغذ کے استعمال کو کم سے کم کرنے، کاغذ کے بغیر کام کرنے کے ماحول کی طرف بڑھنے اور سرکاری محکموں کے درمیان تیز تر، شفاف اور موثر ہم آہنگی کو یقینی بنانے کا تصور کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے دفتر میں ٹیبلٹ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جہاں پنجاب حکومت کی طرف سے فراہم کردہ ٹیبلٹس لاء آفیسرز میں تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان، سیکرٹری قانون بلال آصف لودھی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر قانون نے کہا کہ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے دفتر کی جانب

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ باکو روانہ

بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب، اقوام متحدہ کے اعلیٰ حکام و آذربائیجانی قیادت سے ملاقاتیں کریں گی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو کے سرکاری دورے پر روانہ ہو گئی ہیں، وہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کریں گی جہاں عوامی فلاح و بہبود اور حکومتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بہتری لانے کے موضوع پر کلیدی خطاب کریں گی۔ وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام سے جاری بیان کے مطابق باکو میں وفاقی وزیر کی اقوام متحدہ کے اعلیٰ عہدیدار لی جنھوا (Li Junhua) سے اہم ملاقات طے ہے جس میں ڈیجیٹل تعاون اور پائیدار ترقی کے اہداف پر بات چیت کی جائے گی۔ اس کے علاوہ وہ آذربائیجان کی سرکاری خدمات کی ایجنسی کے چیئرمین اولوی مہدیف سے بھی ملاقات کریں گی جس میں عوامی خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کے تجربات کا تبادلہ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر کی اقوام متحدہ کے ڈیجیٹل امور کے خصوصی ایلچی سے بھی ملاقات متوقع ہے جس میں عالمی ڈیجیٹل فریم ورک اور پاکستان کے آئی ٹی شعبے میں اشتراک کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا جائے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات سے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

لاہور فضائی آلودگی کے اعتبار سے دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست

محکمہ موسمیات کی آئندہ 24 گھنٹوں میں بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کی پیش گوئی

لاہور، اسلام آباد (اے این این) لاہور فضائی آلودگی کے اعتبار سے دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر آ گیا، شہر میں سموگ کی اوسط شرح 338 ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ ماحولیات کے مطابق فضائی آلودگی کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو گئی، ایف سی کالج کے اطراف ایئر کوالٹی انڈیکس 508، پیراگون سوسائٹی میں 548 جبکہ ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں 414 ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین کی جانب سے بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی کے پیش نظر شہریوں کو غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز اور باہر نکلتے وقت ماسک پہننے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور کا کم سے کم درجہ حرارت 17 جبکہ زیادہ سے زیادہ 30 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے تاہم بالائی خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، منگھو پیر روڈ کے قریب عمارت کا کچھ حصہ گرنے سے ایک شخص جاں بحق، 4 افراد زخمی

وزیر اعلیٰ سندھ کا کراچی میں عمارت گرنے کے واقعہ کا نوٹس، رپورٹ طلب، ریسکیو آپریشن تیز کرنے کا حکم

کراچی (اے این این) کراچی میں ناظم آباد، منگھو پیر روڈ کے قریب عمارت کا کچھ حصہ گرنے سے ایک شخص جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہو گئے جبکہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے دو منزلہ عمارت گرنے کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی۔ ریسکیو حکام کے مطابق کراچی کے علاقے نیا ناظم آباد، منگھو پیر روڈ کے قریب عمارت کا حصہ گرنے سے ایک شخص جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہوئے جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کے مقام پر ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا گیا اور ملبے تلے مزید کسی شخص کے دبے ہونے کا خدشہ نہیں ہے۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سے رپورٹ طلب کر لی اور کہا حادثے کی وجوہات اور غفلت سے متعلق آگاہ کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے ملبہ ہٹانے کیلئے ریسکیو آپریشن تیز کرنے کا حکم دیا، وزیر اعلیٰ سندھ نے زخمیوں کو بہترین علاج معالجہ فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ وکراچی میں ناظم آباد، منگھو پیر روڈ کے قریب عمارت کا کچھ حصہ گرنے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

پشاور، گیس سلنڈر دھماکے میں زخمی 3 بچے زندگی کی بازی ہار گئے

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

پشاور (اے این این) پشاور کے علاقے پچگی روڈ پر واقع ایک مکان میں گیس سلنڈر کے خوفناک دھماکے سے گھر کی چھت زمین بوس ہو گئی، جس کے نتیجے میں شدید زخمی ہونے والے 5 افراد میں سے 3 بچے لیڈی ریڈنگ اسپتال میں علاج کے دوران دم توڑ گئے۔ تفصیل کے مطابق پچگی روڈ کے قریب ایک گھر میں گزشتہ شب مبینہ گیس لیکج کے باعث سلنڈر دھماکا ہوا، جس کی شدت سے مکان کی چھت گر گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ایک خاتون اور 4 بچے ملبے تلے دب کر شدید زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے فوری موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائی شروع کی اور تمام زخمیوں کو ملبے سے نکال کر تشویشناک حالت میں لیڈی ریڈنگ اسپتال منتقل کیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق 2 بچوں کی حالت ابتدائی طور پر ہی نازک بتائی جا رہی تھی۔ ترجمان لیڈی ریڈنگ اسپتال کے مطابق اسپتال میں زیر علاج زخمی بچوں میں سے 3 بچے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے، جبکہ ایک بچی اور خاتون فی الوقت اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ دریں اثنا

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ

تولہ قیمت 9 ہزار 600 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 35 ہزار 636 روپے ہو گئی

کراچی (اے این این) ملک بھر میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 24 قیراط سونے کی فی تولہ قیمت 9 ہزار 600 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 35 ہزار 636 روپے ہو گئی۔ 24 قیراط کے 10 گرام سونے کی قیمت 8 ہزار 230 روپے اضافے سے 3 لاکھ 73 ہزار 487 روپے جبکہ 22 قیراط کے 10 گرام سونے کی قیمت 7 ہزار 544 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 42 ہزار 375 روپے ہو گئی۔ عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت 96 ڈالر اضافے سے 4 ہزار 131 ڈالر فی اونس ریکارڈ کی گئی۔ چاندی کی فی تولہ قیمت 100 روپے اضافے سے 5 ہزار 763 روپے جبکہ 10 گرام چاندی کی قیمت 85 روپے بڑھ کر 4 ہزار 940 روپے ہو گئی۔ عالمی مارکیٹ میں چاندی کی قیمت ایک ڈالر اضافے سے 52 ڈالر 85 سینٹ فی اونس ہو گئی۔ ایسوسی ایشن کے مطابق مقامی سونے کی قیمتوں کا تعین انٹر بینک ایکسچینج ریٹ کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ ملک بھر میں سونے اور چاندی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان کے ڈیجیٹل اقدامات کی عالمی پذیرائی

یو این گورننس انوویشن سمٹ میں وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ کو آسان سروس میڈل سے نوازا گیا

باکو (سی ایم لنکس) آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں اقوام متحدہ کے زیر اہتمام "یو این گورننس انوویشن سمٹ" کا باقاعدہ آغاز ہو گیا جس میں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ پاکستان کی نمائندگی کر رہی ہیں، بین الاقوامی فورم پر پاکستان کے آئی ٹی اور ڈیجیٹل گورننس کے شعبے کو نمایاں پذیرائی ملی ہے۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق سمٹ کے دوران وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ کو پبلک سروس ڈیلیوری میں نمایاں کامیابیوں پر باوقار "آسان سروس میڈل" (MedalServiceASAN) سے نوازا گیا، یہ اعزاز پاکستان میں قائم "آسان مرکز" منصوبے کی شاندار کامیابی اور اس کے ذریعے اب تک 1 لاکھ 71 ہزار سے زائد شہریوں کو ون ونڈو سہولیات کی فراہمی کے اعتراف میں دیا گیا۔ سمٹ کے موقع پر وفاقی وزیر نے اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل برائے اقتصادی و سماجی امور لی جنھوا (JunhuaLi) اور ایس اے پی ایس ایس آئی (SAPSSI) کے چیئرمین سے الگ الگ اہم ملاقاتیں کیں جن کے دوران

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

صحبت پور، پولیس گشت کی کمی کے باعث چوری کی وارداتیں عروج پر

**چیک پوسٹیں بند ہونے سے جرائم پیشہ ع

امرءالمعروف و نہی عن المنکر — اجتماعی کی طرف اطلاع کرنا، جو برائی سے بچانا
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

پاک چین آہنی دوستی

چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے (آئی ڈی سی پی سی) کے وزیر لیو ہائی شینگ نے وفد کے ہمراہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ اِن ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان ہر موسم میں آزمودہ تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اور اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم سے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ و کثیرالجہتی فورموں پر قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ وزیراعظم نے چین کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کی آہنی دوستی باہمی اعتماد، احترام اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان گہرے روابط پر استوار ہے اور یہ تاریخی و آزمودہ تعلقات ہر آزمائش پر پورے اُترے ہیں۔ اُنہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لئے مسلسل سیاسی روابط اور دونوں ممالک کی سیاسی جماعتوں کے درمیان وفود کے تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا اور سیاسی قیادت کے درمیان ادارہ جاتی روابط کے فروغ میں چینی کمیونسٹ پارٹی کے بین الاقوامی محکمے کے کردار کو سراہا۔ اُنہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی روابط، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور زرعی شعبے میں جدت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لئے دونوں ممالک کی مشترکہ خواہش کو بھی سراہا۔ لیو ہائی شینگ نے چین کی قیادت کی جانب سے وزیراعظم کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا اور دیرینہ دوستی کو مزید گہرا کرنے کے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے اعلیٰ سطح کے روابط اور سیاسی جماعتوں کے مابین تبادلہء خیال میں ہونے والی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ جنرل ہیڈکوارٹر (جی ایچ کیو) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہونے والی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی سلامتی کی بدلتی صورتحال اور دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر غور کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق دونوں شخصیات نے تاریخی اور آزمودہ تزویراتی شراکت داری کو مستحکم کرنے، اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط اور ادارہ جاتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے تاریخی تعلقات وقت کی ہر کسوٹی پر پورے اُترے ہیں جبکہ مہمان وزیر نے علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات میں لیو ہائی شینگ نے چین کے وزیر خارجہ وانگ ای کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا جس کا گرمجوشی سے جواب دیتے ہوئے پاکستانی قیادت کی طرف سے چین کے صدر شی جن پنگ کے لئے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے چین کے ساتھ ہر آزمائش پر پورا اترنے والی تزویراتی شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے مستقل عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ثقافتی روابط کو وسعت دینے، عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے، دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت آگے بڑھانے اور باہمی رابطوں و قریبی ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے طریقوں پر بھی بات چیت کی۔ پاک چین تعلقات گزشتہ 75 برس سے باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کی دوستی محض سفارتی اور دفاعی تعاون تک محدود نہیں بلکہ وقت کے ساتھ معاشی شراکت داری کی مضبوط شکل بھی اختیار کر چکی ہے۔ اِس تعاون کا سب سے نمایاں مظہر چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ہے جس کے پہلے مرحلے میں چین نے پاکستان میں کم و بیش 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی اور 40 سے زائد منصوبے مکمل کیے جبکہ قومی بجلی کے نظام میں قریباً نو ہزار میگاواٹ بجلی شامل کرنے میں مدد کی۔ اِسی طرح کراچی سے لاہور تک بجلی کی ترسیل کے لئے مٹیاری، لاہور ہائی وولٹیج ڈائریکٹ کرنٹ ٹرانسمیشن لائن اور مواصلاتی شعبے میں مختلف شاہراہوں کی تعمیر نے توانائی اور رابطوں کے نظام کو بہتر بنانے میں کردار ادا کیا۔ گوادر میں ایسٹ بے ایکسپریس وے، پاک چین فرینڈشپ ہسپتال، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیتی ادارہ اور سمندری پانی کو قابلِ استعمال بنانے کا پلانٹ بھی مکمل کیے گئے ہیں۔ اب سی پیک کے دوسرے مرحلے میں توجہ صنعتی تعاون، خصوصی اقتصادی زونز، زراعت، معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کاروباری شراکت داری پر مرکوز ہے۔ رشکئی اور بوستان خصوصی اقتصادی زونز کے پہلے مراحل فعال ہو چکے ہیں، جبکہ علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی اور دھابیجی اقتصادی زون کی ترقی پر کام جاری ہے۔ زراعت کے شعبے میں ایک ہزار پاکستانی زرعی ماہرین کی چین میں جدید ٹیکنالوجی کی تربیت بھی اِس تعاون کا اہم حصہ ہے۔ مئی 2026ء میں دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری، زرعی ترقی، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے تھے۔ اِس کے ساتھ قراقرم ہائی وے کے تھاکوٹ، رائیکوٹ حصے کی بہتری اور گوادر کو علاقائی تجارتی مرکز بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ یوں پاک چین معاشی شراکت داری کا اگلا مرحلہ محض بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نہیں بلکہ پاکستان کی صنعتی پیداوار، برآمدات، زرعی استعداد اور معاشی خودانحصاری میں اضافے کا ذریعہ بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان اور چین کی دوستی محض دو ممالک کے سفارتی تعلقات کا نام نہیں بلکہ باہمی اعتماد، اخلاص اور آزمودہ تعاون کی ایسی مثال ہے جو وقت کی ہر کسوٹی پر پوری اُتری ہے۔ اِس لازوال دوستی میں مختلف ادوار کے دوران کٹھن مراحل بھی آئے، بعض عناصر نے غلط فہمیاں پیدا کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان فاصلے بڑھانے کی کوششیں بھی کیں تاہم تاریخ گواہ ہے

عوامی تائید اور مثالی طرزِ حکمرانی: ضلع برشور میں تعمیر و ترقی کا تاریخی دور

(انچارج ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس پشین قائمقام میڈیا کوآرڈینیٹر ڈپٹی کمشنر برشور)

کسی بھی پسماندہ یا نوتخلیق شدہ علاقے کی تقدیر مادی وسائل سے زیادہ ایک

تحریر: عبدالسلام کاکڑ۔

مخلص، جرات مند اور وڑنری قیادت کی مرہونِ منت ہوتی ہے اور مثبت تبدیلی کا یہی دلنشین و انقلابی منظرنامہ ان دنوں پاک افغان سرحدی پٹی پر واقع بلوچستان کے نوتخلیق شدہ ضلع برشور میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے گڈ گورننس وژن اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار خان کاکڑ کی مخلصانہ سیاسی سرپرستی میں جب سے ضلع کے پہلے ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلعی کمان سنبھالی ہے، یہاں عوامی خدمت اور تیز رفتار ترقی کے ایک نئے، پائیدار اور مثالی دور کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے، اگر برشور کے تاریخی پس منظر پر نظر ڈالیں تو 19 جنوری 2026ء کو صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اسے الگ ضلع بنانے کی اصولی منظوری دی گئی، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن 12 مارچ کو جاری ہوا اور اس تاریخی فیصلے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان نے 27 مارچ کو برشور کا تفصیلی دورہ کر کے تحصیل ہسپتال کو ڈی ایچ کیو کا درجہ دینے اور ضلع کے 254 اسکولوں کو فوری فعال کرنے جیسے انقلابی اعلانات کیے۔ انہوں نے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس (PAS) کے متحرک آفیسر خالد شمس کو پہلا ڈپٹی کمشنر تعینات کرتے ہوئے عوامی خدمت کا ایک واضح ہدف دیا، جنہوں نے اس چیلنج کو ایک مشن کے طور پر قبول کیا اور ایک انتہائی خوش آئند روایت قائم کرتے ہوئے اپنی فیملی کو برشور ہی میں عارضی رہائش گاہ میں منتقل کر دیا تاکہ انتظامی امور کی چوبیس گھنٹے انجام دہی اور عوامی مسائل کی بروقت دادرسی کے لیے ضلع میں ہمہ وقت موجودگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

اقتدار اور اختیارات کو مٹی کے بیٹوں کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے انتظامیہ نے "بی ایس ڈی آئی" (BSDI) فریم ورک کے تحت باقاعدگی سے کھلی کچہریوں کا انعقاد شروع کیا، جہاں عوامی شکایات کا فوری اندراج اور مقررہ مدت کے اندر ان کا حتمی حل یقینی بنایا جا رہا ہے اور ان کچہریوں کو عوامی سطح پر کامیاب بنانے میں پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار خان کاکڑ کا سیاسی و مالی تعاون کلیدی رہا ہے، اسی طرح صوبائی تعلیمی و صحت ایمرجنسی کے رہنما اصولوں کے تحت اسکولوں اور بنیادی مراکزِ صحت (BHUs) کی حالتِ زار کو یکسر بدل دیا گیا ہے، غفلت شعار عملے کی سخت سرزنش کی گئی ہے اور 13 اکتوبر 2026ء کو کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہوں کی بحالی کا اہم نوٹیفکیشن جاری کر کے تعلیمی نظام میں ایک نئی روح پھونک دی گئی ہے، ضلع کی اس تیز رفتار ترقی کا سب سے بڑا راز تمام ضلعی محکموں کے سربراہان کا ڈپٹی کمشنر کے ساتھ مضبوط رابطہ اور بہترین ٹیم ورک ہے جس کی بدولت روایتی دفتری سرخ فیتے کا مکمل خاتمہ ہو چکا ہے اور تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے آفسران ضلعی سربراہ کے شانہ بشانہ تعمیر و ترقی کے اس سفر میں شریک ہیں، یہی وجہ ہے کہ 30 اکتوبر 2026ء کو اسفند یار خان کاکڑ اور کمشنر پشین ڈویژن قائم خان لاشاری نے عارضی ڈی سی کمپلیکس کا دورہ کر کے اس بہترین انتظامی کارکردگی اور ٹیم ورک پر گہرے اطمینان کا اظہار کیا، جبکہ ضلع کے انفراسٹرکچر کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے ایک اور بڑا سنگِ میل عبور کرتے ہوئے مستقل ڈی سی کمپلیکس اور دیگر لائن ڈیپارٹمنٹس کے دفاتر کی تعمیر کے لیے موزوں آراضی کا ہوم ورک بھی مکمل کر لیا ہے، جس پر بہت جلد باقاعدہ تعمیراتی کام کا آغاز کر دیا جائے گا۔

تعمیراتی امور ہوں یا عوامی صحت کا شعبہ، ڈپٹی کمشنر خالد شمس تمام ترقیاتی منصوبوں کی خود فرنٹ لائن پر رہ کر نگرانی کر رہے ہیں اور ستمبر 2026ء کے آغاز میں انہوں نے توبہ کاکڑی سمیت ضلع بھر کا تفصیلی دورہ کر کے زیرِ تعمیر ہسپتالوں و انٹر کالج کے منصوبوں کی سخت ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا حکم دیا، جس کے نتیجے میں رکے ہوئے منصوبے اب تیز رفتاری سے تکمیل کی طرف گامزن ہیں، ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ وہ عوامی صحت، خصوصاً نئی نسل کو معذوری سے بچانے کے لیے بھی اتنے ہی متحرک ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ ضلع میں جاری انسدادِ پولیو مہمات کے دوران پولیو ورکرز کی ٹیموں کی خود فیلڈ میں نکل کر نگرانی کرتے ہیں تاکہ ضلع کا کوئی بھی بچہ اس موذی مرض سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہ رہے اور مہم کی صد فیصد کامیابی ممکن ہو سکے، عوام کو روزمرہ زندگی میں براہِ راست ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرائس کنٹرول کمیٹیاں روزانہ کی بنیاد پر بازاروں کی مانیٹرنگ کر رہی ہیں اور گراں فروشوں، ملاوٹ مافیا اور انسانی جانوں سے کھیلنے والے منافع خوروں پر سخت ہاتھ ڈالا گیا ہے، جس کے تحت ضلع بھر کے میڈیکل اسٹورز اور دیگر دکانوں کی اچانک چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے اور زائد المیعاد اشیاء کی فروخت پر کئی دکانداروں کی گرفتاریاں عمل میں لائی جا چکی ہیں۔

معاشرتی سدھار اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے بھی ضلعی انتظامیہ نے دور رس اقدامات اٹھائے ہیں، جس کے تحت انسدادِ منشیات مہم کے ذریعے سینکڑوں ایکڑ پر پھیلی غیر قانونی کاشت کو کامیابی سے تلف کیا گیا، جبکہ ماحولیاتی بہتری کے لیے "گرین برشور وژن" کے تحت بڑے پیمانے پر شجرکاری کا آغاز کیا گیا ہے، نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے بچانے اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے 7 سے 14 اگست 2026ء تک ایک شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس نے مقامی ٹیلنٹ کو ابھرنے کا بہترین موقع فراہم کیا، جبکہ روایتی قبائلی معاشرے کی مخصوص ضروریات اور مقامی کلچر کے پیشِ نظر نادرا سینٹر میں خواتین عملے کی خصوصی تعیناتی عمل میں لائی گئی تاکہ مقامی خواتین بلا جھجک اور پروقار انداز میں اپنی شناختی دستاویزات حاصل کر سکیں۔ مزید برآں، پاک افغان سرحد پر مستقل امن و امان قائم رکھنے کے لیے انتظامیہ اور اسفند یار خان کاکڑ نے قبائلی عمائدین کے تعاون سے کئی دیرینہ تنازعات کا پائیدار حل نکال کر پورے علاقے میں بھائی چارے اور امن کی فضا قائم کی ہے، یہ تمام انقلابی، مخلصانہ اور ٹھوس اقدامات اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ اگر نیت سچی اور عزم پختہ ہو تو مشکل ترین حالات اور جغرافیائی چیلنجز کے باوجود مٹی کو سونا بنایا جا سکتا ہے اور برشور کے عوام ضلعی انتظامیہ اور اپنی منتخب سیاسی قیادت کے اس شاندار اور تاریخی دورِ ترقی کو ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھیں گے۔

نیتن، ٹرمپ کو بھی لے ڈوبا!

چودھری خادم حسین

دل تو کئی روز سے مچل رہا ہے کہ اپنے مہربان مولانا فضل الرحمٰن کے حوالے سے گزارشات پیش کروں کہ ان سے یاد اللہ اس وقت سے ہے جب وہ صاحبزادہ اور ان کے ذی وقار والد مفتی محمود حیات تھے۔ ہم دو تین دوستوں نے مفتی محمود کے بعد مولانا فضل الرحمٰن کی امارت کے لئے حمائت بھی کی، ان کے مقابلے میں بھی تین صاحبزادگان تھے تاہم کامیابی ان کو ملی اگرچہ ایک امیدوار نے اپنی تنظیم بنا لی۔ ایک سیاست ہی سے دستبردار ہو گئے اور ایک اب ان کی جماعت میں ایک سینئر عہدیدار ہیں، یہ چند باتیں بھی تمہید کے لئے ہیں کہ ہم ان سے دیرینہ شناسائی کا دعویٰ رکھتے ہیں اگرچہ اب ان کے صدر جیسے پروٹوکول کی وجہ سے ملاقات مشکل ہو چکی ہے۔ بہرحال یہ سلسلہ کسی نہ کسی وجہ سے ٹلتا رہا اور آج پھر موخر ہو گیا کہ دنیا کو امریکہ سے بہت بڑی خبر مل گئی ہے جس کے مطابق امریکی عوام نے کھل کر امن کے حق میں فیصلہ دے دیا اور وسط مدتی انتخابات میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چاروں خانے چت ہو گئے، نہ صرف کانگرس (ایوان نمائندگان) ان کی جماعت کے ہاتھ سے نکل گیا بلکہ سینٹ میں بھی ڈیموکریٹ کو ناقابل یقین اکثریت مل گئی ہے اب ٹرمپ کو وہ حمائت نہ مل سکے گی جو نیتن یاہو کے ایماء پر مظلوموں پر ظلم کے لئے بھی حاصل تھی، میں سمجھتا ہوں کہ ڈونلڈ ٹرمپ کو غزہ کے مظلوموں کی بددعا لگی ہے جن کو اس نے تسلی دے کر دھوکا دیا اور اپنے یار نیتن یاہو کو مسلسل مظالم اور ظلم سے نہ روکا، دوسرے ڈونلڈ ٹرمپ نے خود تسلیم کیا ہے کہ ایران جنگ اور مہنگائی اس کے خلاف گئی ہے۔

انتخابات تو امریکہ میں ہوئے اور یہ ہر چار سال بعد ہوتے ہیں جبکہ صدارتی انتخابات کے موقع پر بھی سینیٹ میں نومنتخب لوگ بھی آتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نتائج تسلیم کر لئے اور ساتھ ہی پیشکش کی ہے کہ ڈیموکریٹ سے تعاون بھی ہو سکتا ہے اس کے ساتھ ہی حسب عادت ویٹو، ویٹو، ویٹو کہہ کر دھمکی بھی دی ہے۔ یہ فلسفہ انہوں نے پولنگ سے پہلے ہی اختیار کر لیا تھا، لیکن عوام پر اس کا بھی کوئی اثر نہ ہوا اور انہوں نے واضح طور پر ٹرمپ کی پالیسیوں پر عدم اعتماد کر دیا ہے۔ وہ (ٹرمپ) جمہوریت اور عوامی رائے کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو اب ان کو ثبوت بھی دینا اور اول تو مستعفی ہو کر جے ڈی وینس کے لئے جگہ خالی کر دینا چاہیے کہ وینس جنگ کے حوالے سے زیادہ بہتر ڈیلنگ والے نظر آتے رہے ہیں، ایرانی قیادت نے بجا طور پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے رائے دی ہے کہ امریکی عوام نے جنگ کے خلاف فیصلہ دے دیا ہے۔ دنیا بھر سے ردعمل ہر ایک کی اپنی اپنی ڈپلومیسی کے حوالے سے آ رہا ہے تاہم یہ حقیقت ہے کہ امریکی عوام نے درست فیصلہ کر کے صدر امریکہ کو مثبت جواب دیا ہے جو ان کو سمجھ لینا چاہیے تاہم ان کا ایسا کوئی ارادہ نہیں لگتا، اب تو یہ دیکھنا ہوگا کہ جنگ کے حوالے سے محترم کی پالیسی میں کوئی فرق آتا ہے یا نہیں کہ فیصلہ جنگ کے خلاف اور امن کے حق میں ہے، وسط مدتی ان انتخابات سے قبل ایسی خبریں بھی چلائی گئیں کہ ٹرمپ ایران پر ایٹمی حملہ بھی کر سکتا ہے جبکہ صہیونی نیتن یاہو نے بھرپور کوشش کی کہ ٹرمپ ایران پر نئے حملے کا حکم دے دے تاہم صدر امریکہ اس بار جھانسے میں نہ آئے حالانکہ وہ نیتن کو اپنا دوست کہتے ہیں اور ان کے انتخاب میں بھی کھلی حمائت کی اور اسرائیلی رائے دہندگان سے نیتن کو جتوانے کے لئے کہا لیکن ایسا نہ ہو سکا اور اب اسرائیل میں نئی حکومت اور نئے وزیراعظم کے لئے لابنگ جاری ہے، اس طرح یوں بھی کہا جا سکتا ہے "ہم تو ڈوبے تھے صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے" اور نیتن یاہو اپنے ساتھ ٹرمپ کو بھی لے ڈوبے ہیں، امریکی ایوانوں کی ایسی صورت حال بھی ہے کہ ٹرمپ کے مواخذہ کے لئے بھی آوازیں اٹھیں گی۔

حالیہ وسط مدتی انتخابات میں ایک اور امر بھی واضح ہوا کہ ری پبلیکن کی طرف سے کسی مسلمان کو امیدوار نہیں بنایا گیا جبکہ ڈیموکریٹ کی طرف سے گیارہ مسلمانوں نے ٹکٹ پر الیکشن لڑا، مشی گن سے ایک نوجوان امیدوار السید بھی کامیاب ہوا اور امریکی سینیٹ کے پہلے مسلمان سینیٹر کا مقام حاصل کیا، اس امیدوار نے ری پبلیکن کی جیتی گئی نشست چھین لی ہے۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ ٹرمپ کی تارکین وطن اور اسلاموفوبیا والی پالیسیوں نے بھی اس کے خلاف کام کیا یوں کہیں کہ وہ بزعم خود طاقت کے نشے میں اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارتے رہے، دنیا بھر میں یقین ظاہر کیا جا رہا ہے کہ اب حالات تبدیل ہوں گے اور امن کی راہ ہموار ہوگی کہ ٹرمپ اور نیتن دونوں کو انہی کے رائے دہندگان نے جواب دیا ہے۔

اسرائیل کے ایماء پر مسلط کی گئی جنگ اور اس کے اثرات پورے مشرق وسطی اور پاکستان سمیت دنیا کے تمام ممالک پر پڑے اور کساد بازاری ہوئی، مہنگائی کا ایک طوفان برپا ہوا جس کی وجہ سے مضبوط سے مضبوط معیشت بھی لڑکھڑائی، خود امریکہ کے اندر مہنگائی بڑھی تو برطانیہ کے ساتھ ساتھ دوسرے یورپی ممالک بھی متاثر ہوئے۔ اسی مہنگائی کے خلاف فرانس سے شروع ہونے والے احتجاجی مظاہرے یورپ میں بھی پھیل گئے اور کافی نقصان بھی ہوا، توقع تو یہ کی جاتی ہے کہ اب یورپ والے بھی انصاف سے کام لیں گے۔ فلسطینیوں کی مظلومیت کا احساس شدت پکڑے گا اور نیٹو والے روس، یوکرین جنگ بندی میں بھی معاون ہوں گے تاکہ ہر طرف امن ہو اور معیشتیں بہتر ہوں تاکہ عوام کو سکھ کا سانس ملے۔ حالیہ حالات میں حکومت پاکستان نے پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں کی طرف توجہ دی اور عالمی مارکیٹ میں قیمتیں گرنے کا فائدہ اپنے شہریوں کو دینا شروع کیا ہے، اب اگر حالات نے کوئی ناگہانی کروٹ نہ لی تو یقیناً پٹرولیم مصنوعات مزید سستی ہوں گی اور ہم بھی مستفید ہوں گے۔

تلخ بیانات ردعمل اور پاکستانی سیاست

ڈاکٹر محمود صادق عابد

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگنے کے بعد جو ردعمل صوبے کے اندر سے آیا اس نے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ چائے کی پیالی میں طوفان تھا اس ردعمل نے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار لگنے والی ایمرجنسی کی حقیقت کی قلعی بھی کھول کر رکھ دی ہے۔ ایک تاثر ملا ہے کہ فیصلہ تو کافی پہلے ہو چکا تھا صرف موقع کی تلاش تھی جب وہ نہیں ملا تو اسے بنا لیا گیا ہے۔ تاہم گورنر راج کے بعد اور پہلے کے حالات میں فرق اگلے تین سے چھ ماہ میں پورا پاکستان دیکھ لے گا۔ جب اس فیصلے پر عمل ہوا تو مقتدر حلقوں سے اٹھنے والی غیر سیاسی آوازوں نے اسے پہلا مرحلہ قرار دیا تھا اور باقی مرحلوں کے خدوخال پر بھی کچھ روشنی ڈالی تھی کیا دوسرا مرحلہ شروع ہو گیا ہے؟ اگر اس وقت قومی اسمبلی اور سینٹ کے حالات کو دیکھا جائے تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ دوسرا مرحلہ شروع ہو گیا ہے اس مرحلے میں سیاستدان ایک دوسرے کو آئینہ دکھانے یا ننگا کرنے کے رویے پر عمل پیرا ہوں گے۔

اس مرحلے کا آغاز مولانا فضل الرحمٰن نے چار ہفتے پہلے ہی شروع کر دیا تھا۔ مولانا فضل الرحمٰن کی تقریبا چار دہائیوں پر محیط سیاسی زندگی مذہب اور سیاست کے تعلق و اقتدار کے اتحادوں سے لے کر سیاسی موقف میں تبدیلیوں خاندانی سیاسی تسلسل اور مذہبی ووٹ کے استعمال جیسی سیاسی چالوں سے بھری پڑی ہے، چونکہ مولانا اقتدار کے حلقوں سے گوند کی طرح جڑے ہوئے ہیں اور انہیں آگے لگنے والی ایمرجنسی کی خبر بھی تھی اس لئے انہوں نے دباؤ بڑھانا شروع کر دیا۔ اقتدار کے لئے دباؤ کی اس جنگ میں مولانا صاحب نے شہداء کو بھی نہ بخشا اور مقتدر حلقوں کی طرف سے جمہوریت کی تذلیل پر کافی کچھ فرمایا تاہم لگانے والوں نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج دونوں کو لگا دیا مگر ساتھ مولانا اور اس کی جماعت کو بھی کھڈے لائن لگا دیا۔ مولانا صاحب نے تو ریاست کو ہی اسمبلی میں آڑے ہاتھوں لے لیا اور ساتھ ہی اسمبلی کے بے لگام رہنما جناب خواجہ آصف صاحب کی درگت بھی بنا ڈالی۔ خواجہ آصف ہمارے وزیر دفاع ہیں لہٰذا الفاظ کو بھی توپ کے گولوں کی طرح داغتے ہیں۔

سیاسی تنازعات، بدعنوانی کے متعلق تحقیقات، سیاسی مخالفین کے ساتھ طرز عمل اور متنازع بیانات چاہے وہ نیب ہو دوہری شخصیت یا اثاثوں کی تفصیلات پر اعتراضات ہوں یا پھر متحدہ عرب امارات کا اقامہ ہو یا پھر پارلیمانی قانون سازی میں اداروں کے کردار کا اعتراف ہو یہ سب خواجہ آصف کی خصوصیات میں آتا ہے اور ان کے عہدے اور حیثیت کے شایانِ شان بھی ہے۔ باقی دفاع ان کا آئینی اور بنیادی حق بھی ہے۔

مجھے یہ کوئی باہمی یا فریقی جنگ نہیں اس کے پیچھے سیاسی مفادات طاقت کے مراکز اعتماد کا بحران اور مستقبل کی سیاسی صف بندی شامل لگتی ہے اس لئے پورے معاملے کو وسیع تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن ایک معزیز رہنما اور سیاست کے رموز سے واقف معاملہ فہم ہیں۔ اس کے علاوہ احتسابی سیاست اور احتجاجی تحریکوں اور مارچوں میں مولانا کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔

آخر مولانا اس نہج تک کیسے اور کیوں پہنچے ہیں؟ پہلی وجہ سیاسی غیر اہمیت اور فیصلہ سازی میں شرکت کا احساس نہ ہونا ہے جبکہ دوسری وجہ سیاسی دباؤ کے ذریعے اپنی اہمیت کو منوانا بھی ہے۔ اس وقت کے سیاسی اور مذہبی حالات میں مولانا کے پاس کوئی ایسا عنصر موجود نہیں جس سے وہ معنی خیز دباؤ ڈال سکیں۔ تیسری وجہ کو ہی اصولی اختلاف کہا جا سکتا ہے مگر مولانا کی پچھلی 40 سالہ سیاست میں کسی چیز کا فقدان رہا ہے تو وہ اصولوں کی سیاست ہے۔ اب چونکہ خیبر پختونخوا میں مولانا کو کوئی حصہ نہیں ملا اس لیے انہیں ایمرجنسی کا معاملہ اب آئینی ضرورت سے زیادہ سیاسی بندوبست نظر آنا شروع ہو گیا ہے۔ اب یہ سوال بھی پیدا ہو گیا ہے کہ کیا صوبے میں امن و امان کی صورتحال واقعہ ہی غیر معمولی اقدامات کی متقاضی تھی!

جب سے محسن نقوی صاحب سیاسی میدان میں آئے ہیں تو گویا سیاسی ڈرامے میں دوسرا کردار بھی مرکزی کردار بن گیا ہے۔ محسن نقوی نے نہ صرف یہ ثابت کیا ہے کہ معاملہ مولانا کے ذاتی مفادات سے جڑا ہے بلکہ نقوی صاحب نے بیک وقت دوسری سیاسی پارٹیوں کو بھی ایک سخت پیغام دے دیا ہے۔ اپنی خاص حیثیت میں انہوں نے ریاستی فیصلے کی درستگی پر بھی مہر ثبت کر دی ہے۔

سوال یہ ہے کہ اصل کشمکش اور معاملہ کیا ہے؟

زمینی حقائق بتاتے ہیں کہ اصل مسئلہ مقتدر حلقوں اور سیاسی جماعتوں کے درمیان تعلقات کا ہے۔ تمام سیاسی فیصلوں پر غیر طاقت کے مراکز کا اثر غالب نظر آتا ہے۔ مستقبل میں شاید یہ بیان بازی بڑھے گی، مگر عملی تصادم نہیں ہوگا۔ مولانا ضرور اپنے لئے سیاسی گنجائش پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ دوسرے لائحہ عمل کے طور پر مولانا وسیع اپوزیشن اتحاد کی طرف بڑھیں گے جس کے امکانات ان حالات میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔

تیسرا امکان یہ ہے کہ سیاسی کشیدگی ادارہ جاتی بحران کی طرف بڑھے جس سے صوبے میں انتظامی مشکلات اور بڑھ سکتی ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے کمزور ہو سکتا ہے۔ خدارا تیسرے مرحلے کی راہ ہموار نہ کریں۔

میری تینوں بڑوں سے گذارش ہے کہ ذاتی ناراضگی اور اصولی موقف کے درمیان فرق واضح کریں اور سخت بیانات کی بجائے سیاسی متبادل پیش کریں۔ خواجہ آصف اور محسن نقوی صاحب سے گزارش ہے کہ سیاسی تنقید کا جواب ذاتی حملوں سے نہیں بلکہ شواہد کے ساتھ باتوں کی بنیاد واضح کریں۔

ابھی تک کی اس مختصر سیاسی رسہ کشی نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ سیاست کے دو محمد شاہ رنگیلوں کے مقابلے میں طاقت دراصل نادر شاہ کی ہے اور محسن نقوی صاحب نے یہ آج سینٹ میں ثابت کر دیا ہے۔ یہ بھی دیکھنے کی بات ہے کہ یہ تینوں اپنے موقف پر مستقل قریب میں کتنی مستقل مزاجی سے قائم رہتے ہیں؟ ایک کے پاس سیاسی تجربے ہے تو دوسرے کے پاس مذہبی اور سیاسی اثر و رسوخ اور تیسرے کے پاس حکومتی اختیارات کی طاقت ہے۔

حکومت عوام کی حمایت کے بجائے عوام سے لڑ رہی ہے، اپوزیشن لیڈر سینیٹ

خیبر پختونخوا کو دوبارہ آزمائے ہوئے سیاسی لوگوں کے حوالے کردیا گیا ہے، جن لوگوں نے نظام کو کمزور کیا، کیا وہ خیبر پختونخوا میں امن قائم کریں گے؟

ہمارے ملک میں بھی چھوٹے چھوٹے ٹرمپ موجود ہیں، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو خوف کی وجہ سے گرایا گیا، راجا ناصر عباس

اسلام آباد (اے این این) اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی خدمت کے بجائے عوام سے لڑ رہی ہے، خیبر پختونخوا کو دوبارہ آزمائے ہوئے سیاسی لوگوں کے حوالے کردیا گیا ہے، جن لوگوں نے نظام کو کمزور کیا، کیا وہ خیبر پختونخوا میں امن قائم کریں گے؟ پارلیمنٹ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں بھی چھوٹے چھوٹے ٹرمپ موجود ہیں، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو خوف کی وجہ سے گرایا گیا، آج عمران خان ان کے گلے کی ہڈی بن گئے ہیں، کیا کیا ظلم نہ کیے، لوگوں کو اٹھایا عورتوں کو قیدی بنایا، آخر میں ایک ہی حکومت تھی کے پی میں وہاں بھی گورنر راج اور ایمرجنسی لگادی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے افغانستان میں 2.2 ٹریلین ڈالر سے زائد خرچ کیے، امریکی ٹیکس دہندگان کا پیسہ افغانستان میں خرچ کرکے بھی امریکا اپنے مقاصد حاصل نہ کرسکا، امریکا نے عراق میں بھی جھوٹ کی بنیاد پر طاقت کا استعمال کیا، غرور، تکبر، تعصب اور لالچ غلط فیصلوں اور تباہی کا سبب بنتے ہیں، طاقت اور دولت کا غرور قوموں کو غلط اندازے لگانے پر مجبور کرتا ہے، پاکستان میں بھی اسی طرح طاقت کے غلط استعمال اور غلط اندازوں کی مثالیں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حکمران طبقے نے خود کو اشرافیہ سمجھ کر عوامی مینڈیٹ کو نظر انداز کیا، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اقتدار سے ہٹانے کا فیصلہ بھی غلط اندازے کا نتیجہ تھا، لالچ، خوف، تعصب اور تکبر نے پاکستان میں بھی غلط سیاسی فیصلوں کو جنم دیا، امریکا کے کہنے پر عمران خان کو ہٹانے کا الزام بھی ایک غلط سیاسی اندازہ ثابت ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں 25 سال سے امن قائم نہیں ہوسکا، اب خیبر پختونخوا میں بھی بدامنی بڑھ رہی ہے، خیبر پختونخوا کو دوبارہ آزمائے ہوئے سیاسی لوگوں کے حوالے کیا گیا ہے،

امریکی قیادت ہارنے والے جواری کی طرح بازی چھوڑنے کو تیار نہیں، باقر قالیباف

صدر ٹرمپ ایران کے خلاف جنگ کے اگلے مرحلے کی تیاری کررہے ہیں، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (اے این این) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکی قیادت ہارنے والے جواری کی طرح بازی چھوڑنے کو تیار نہیں، صدر ٹرمپ ایران کے خلاف جنگ کے اگلے مرحلے کی تیاری کررہے ہیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کے سوشل میڈیا بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے باقر قالیباف نے کہا کہ امریکا اسرائیل کو اولین ترجیح دینے کی پالیسی کے باعث تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے۔ ایرانی اسپیکر نے جے ڈی وینس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ لمبی تقریریں کرنے کے بجائے اپنے صدر کو کیوں نہیں سمجھاتے۔ واضح رہے کہ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس نے مڈٹرم الیکشن میں شکست پر ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایران جنگ میں شکست کی وجہ سے سینیٹ سے ہاتھ دھونا پڑا، صدر ٹرمپ نے خود تسلیم کیا ہماری شکست کی وجہ ایران جنگ ہے۔ امریکی نائب صدر کا کہنا تھا کہ انتخابی نتائج غیر متوقع تھے جس کی وجہ سے شدید دھچکا لگا، اسرائیل سے تعلقات اور مہنگائی بھی ہماری شکست کی وجہ بنی، انتخابی شکست کے بعد ہمیں اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنا ہوگی، انتخابی شکست کی ذمہ داری ووٹرز کے ٹرن آؤٹ پر ڈالنا درست نہیں، شکست کی اصل مسئلہ ٹرمپ کے سابق حامیوں کی ناراضی ہے، ری پبلکنز کی شکست کے بعد پارٹی میں نئی بحث چھڑنے کا امکان ہے۔ بعد پارٹی میں نئی بحث چھڑنے کا امکان ہے۔

مریم نواز کی ڈی سیز کو ہسپتالوں کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے 3 دن کی مہلت

لاہور (یو این اے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ڈپٹی کمشنرز کو ہسپتالوں کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے 3 دن کی مہلت دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، جس میں مریم نواز نے ڈپٹی کمشنرز کو ہسپتالوں کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے 3 دن کی مہلت دی۔ مریم نواز نے اجلاس میں فصلوں کی باقیات جلانے پر 100 فیصد کنٹرول یقینی بنانے کا حکم بھی دیا، جبکہ سٹریٹ لائٹس اور مین ہولز 100 فیصد فعال بنانے کی ہدایت بھی کی۔ اس موقع پر مریم نواز نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز کی غفلت سے میری ساکھ متاثر ہوتی ہے۔ اس موقع پر مریم نواز نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز کی غفلت سے میری ساکھ متاثر ہوتی ہے۔

ضلع نصیر آباد میں عطائیت اور غیر قانونی میڈیکل اسٹورز کی بھرمار

محکمہ صحت کی عدم توجہی سے ہیپاٹائٹس پھیلنے کا خدشہ، وزیراعلیٰ اور وزیر صحت سے بلاامتیاز کارروائی کا مطالبہ

چھتر (یو این اے) ضلع نصیر آباد میں عطائیت کا راج، غیر تربیت یافتہ میڈیکل اسٹور مالکان کی بھرمار، شہریوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئیں تفصیلات کے مطابق ضلع نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی سمیت تحصیل چھتر، میر حسن، حمید آباد، منجھو شوری اور بابا کوٹ کے مختلف علاقوں میں مبینہ طور پر عطائی ڈاکٹروں اور غیر تربیت یافتہ افراد کی جانب سے میڈیکل اسٹورز چلانے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث عوام کی صحت اور زندگیوں کو سنگین خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب متعلقہ اداروں اور محکمہ صحت کی جانب سے مؤثر نگرانی اور کارروائی نہ ہونے پر شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے ضلع نصیر آباد کے شہری اور دیہی علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں سہولیات، ادویات اور طبی عملے کی کمی کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے افراد نجی کلینکس اور میڈیکل اسٹورز سے رجوع کرنے پر مجبور ہیں۔ اس صورتحال کا مبینہ طور پر ناجائز فائدہ اٹھاتے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے بعض غیر مستند افراد طبی خدمات فراہم کرنے اور ادویات فروخت کرنے میں مصروف ہیں۔ ضلع نصیر آباد میں عطائیت کا راج، غیر تربیت یافتہ میڈیکل اسٹور مالکان کی بھرمار، شہریوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئیں تفصیلات کے مطابق ضلع نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی سمیت تحصیل چھتر، میر حسن، حمید آباد، منجھو شوری اور بابا کوٹ کے مختلف علاقوں میں مبینہ طور پر عطائی ڈاکٹروں اور غیر تربیت یافتہ افراد کی جانب سے میڈیکل اسٹورز چلانے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث عوام کی صحت اور زندگیوں کو سنگین خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب متعلقہ اداروں اور محکمہ صحت کی جانب سے مؤثر نگرانی اور کارروائی نہ ہونے پر شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے ضلع نصیر آباد کے شہری اور دیہی علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں سہولیات، ادویات اور طبی عملے کی کمی کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے افراد نجی کلینکس اور میڈیکل اسٹورز سے رجوع کرنے پر مجبور ہیں۔ اس صورتحال کا مبینہ طور پر ناجائز فائدہ اٹھاتے

تعلیمی بجٹ میں کٹوتی کے خلاف ڈنمارک میں ہزاروں نوجوان سڑکوں پر نکل آئے

کوپن ہیگن (یو این اے) یورپ میں تعلیمی اخراجات اور طلبا کو ملنے والی مالی امداد میں کمی کے خلاف احتجاجی تحریک پھیلنے لگی، ڈنمارک میں بھی ہزاروں طلبا نے حکومتی منصوبے کے خلاف مظاہرہ کیا۔ ڈنمارک کے دارالحکومت کوپن ہیگن میں ہزاروں طلبا نے سٹی ہال سکوائر سے پارلیمنٹ تک مارچ کیا، مظاہرین نے حکومت کے مجوزہ تعلیمی وظائف میں کٹوتیوں کے منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے بس بہت ہوگیا کے نعرے لگائے۔ طلبا تنظیموں کے مطابق ڈنمارک کے 57 تعلیمی اداروں میں قریبا 40 ہزار طلبا نے مجوزہ کٹوتیوں کے خلاف ہڑتال بھی کی، مظاہرین نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر طلبا کی مالی امداد بحال رکھنے اور نوجوانوں کے مستقبل سے متعلق نعرے درج تھے۔ ڈنمارک میں 1970 سے 18 سال سے زائد عمر کے سکولوں اور جامعات کے طلبا کو والدین کی آمدن سے قطع نظر سرکاری تعلیمی وظیفہ دیا

جامعہ اسلامیہ میں سالانہ دستار فضیلت کانفرنس 6 نومبر کو منعقد ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) جامعہ الاسلامیہ مغربی بائی پاس کلی بادیزی (درمیان پاکستان میلز و اقرا میلز) کوئٹہ کے زیر اہتمام سالانہ تعظیم الشان دستار فضیلت کانفرنس کا انعقاد 6 نومبر بروز جمعہ بعد نماز جمعہ کو کیا جا رہا ہے۔ اس المبارک اور پروقار کانفرنس میں جامعہ سے فارغ التحصیل ہونے والے حفاظ کرام اور علمائے کرام کی دستار بندی کی جائے گی۔ کانفرنس سے جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما سابق سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ اور جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر وصوبائی نائب امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق سمیت دیگر ممتاز علمائے کرام اور مذہبی رہنما خصوصی خطاب فرمائیں گے۔

ڈی جی بی آئی ایس پی جلال فیض موثر کردار ادا کررہے ہیں، ثناء بنگلزئی

مستحق خاندانوں کو ریلیف عوامی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے کوشاں ہیں

کوئٹہ (اے این این) مزدا ٹرک یونین بلوچستان کے صدر ثناء بنگلزئی جنرل سیکرٹری امان مینگل بابل سرپرہ اور دیگر عہدیداران نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان کے آفیسران کے ذمہ داران اور عوام دوست کردار کے اچھے نتائج سامنے آرہے ہیں چیئرمین بی آئی ایس پی محترمہ روبینہ خالد کے وژن اور ان کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے مستحقین کی ریلیف دینے کیلئے ڈائریکٹر جنرل جلال فیض جیسے آفیسران کو ذمہ داریاں سونپی بیواؤں اور مستحق خواتین کے مشکلات کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں دور دراز علاقوں میں رہنے والے غریب مستحق خاندانوں کو پروگرام سے مستفید ہونے کیلئے رجسٹریشن کے عمل کو آسان دفاتر میں رہنمائی اور نظام کو مزید فعال بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لایا جارہا ہے جس سے غربت کے مارے خواتین کو سہارا مل سکے گا۔ چیئرمین بی آئی ایس پی محترمہ روبینہ خالد کے وژن اور ان کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں امان مینگل بابل سرپرہ اور دیگر عہدیداران نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان کے آفیسران کے ذمہ داران اور عوام دوست کردار کے اچھے نتائج سامنے آرہے ہیں چیئرمین بی آئی ایس پی محترمہ روبینہ خالد کے وژن اور ان کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے مستحقین کی ریلیف دینے کیلئے ڈائریکٹر جنرل جلال فیض جیسے آفیسران کو ذمہ داریاں سونپی بیواؤں اور مستحق خواتین کے مشکلات کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں دور دراز علاقوں میں رہنے والے غریب مستحق خاندانوں کو پروگرام سے مستفید ہونے کیلئے رجسٹریشن کے عمل کو آسان دفاتر میں رہنمائی اور نظام کو مزید فعال بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لایا جارہا ہے جس سے غربت کے مارے خواتین کو سہارا مل سکے گا۔ مزدا ٹرک یونین بلوچستان کے صدر ثناء بنگلزئی جنرل سیکرٹری

جعفرآباد میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کی سولرائزیشن اور تعمیراتی کاموں کا معائنہ

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا: ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان

جعفرآباد (رخ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کمیونیکیشن اینڈ ورکس، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس ڈیرہ اللہ یار ضلع جعفرآباد میں جاری سولرائزیشن اور اضافی تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسر محمد صدیق زہری نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے تعمیراتی عمل، اب تک ہونے والی پیش رفت اور جاری کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیاری میٹریل کے استعمال اور تعمیراتی کاموں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے تاکہ سرکاری اداروں میں بنیادی سہولیات کی بہتری کے ساتھ عوام کو بھی بہتر طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ترقیاتی عمل انجینئر اپنی نگرانی میں مکمل کروائیں کام کے معیار پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا حکومت عوام کے وسیع تر مفاد میں اقدامات کررہی ہے ضروری ہے کہ سرکاری منصوبوں سے عوام استفادہ حاصل کرسکیں عوامی مفاد میں جاری ترقیاتی امور کو بہتر معنوں میں مکمل کروائیں تاکہ ان کے دوررس نتائج برآمد ہوسکیں۔

شمالی ڈیرہ بگٹی میں انسدادِ پولیومہم کی ایونگ پروگریس میٹنگ

پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے: ڈپٹی کمشنر

شمالی ڈیرہ بگٹی (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق انسداد پولیومہم کو کامیاب بنانے کے لیے پولیومہم کے تیسرے روز کی ایونگ پروگریس میٹنگ ڈپٹی کمشنر شمالی ڈیرہ بگٹی ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوہِ سلیمان ڈاکٹر مہر دین کھیتران، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) ڈاکٹر وکیل شیرانی، ڈاکٹر گل بگٹی، ایس اسٹاپ (STOP-N) پولیو افسران اور دیگر متعلقہ عملے نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیومہم کے تیسرے روز کی کارکردگی، فیلڈ ٹیموں کی پیش رفت اور مقررہ اہداف کے حصول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ریاض خان داوڑ نے مہم کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنی کوششیں تیز کریں متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

لیبر کوڈ کے خلاف مزدور تنظیموں کا نیشنل پارٹی سے رابطہ، تحفظات، مطالبات پیش

پارلیمنٹ، سینیٹ، بلوچستان اسمبلی سمیت مختلف فورم پر لیبر کوڈ اور مزدوروں کے دیگر مسائل پر آواز بلند کریں، سلطان خان

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان حکومت اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کی جانب سے بلوچستان لیبر کوڈ کی تیاری کے اہم عمل میں مزدوروں کے حقیقی نمائندوں کو اعتماد میں لیے بغیر اور واپڈا کے ایک سرکاری ملازم کو مزدوروں کا نمائندہ مقرر کرنے پر آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان کی قیادت میں ٹریڈ یونین نمائندوں پر مشتمل رابطہ کمیٹی کے وفد نے نیشنل پارٹی کے لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ سے ملاقات کی۔ اس دوران مجوزہ لیبر کوڈ کے حوالے سے مزدور تنظیموں کے تحفظات، خدشات اور مطالبات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سلطان محمد خان، عبدالستار، شاہ علی بگٹی، منظور احمد بلوچ، عبدالغفار جمالی، شاہنواز زہری، حافظ عصمت اللہ، عمر حیات، اسلم ہنگلزئی، نیاز جاموٹ، عبدالستار جونیئر، عبدالحلیم خان اور عبدالشکور بلوچ سمیت دیگر مزدور رہنماوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے نمائندوں نے داد محمد بلوچ کو مجوزہ بلوچستان لیبر کوڈ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ مزدوروں سے متعلق کسی بھی قانون سازی سے قبل حقیقی نمائندہ مزدور تنظیموں اور فیڈریشنز کو اعتماد میں لینا ناگزیر ہے۔ رابطہ کمیٹی کے نمائندوں نے واضح کیا کہ مزدوروں کی نمائندہ تنظیموں کو مشاورت کے عمل سے باہر رکھ کر اہم قانون سازی کرنا کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی

کوہلو میں سرکاری محکموں کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

عوامی مسائل کا فوری ازالہ، جاری منصوبوں میں شفافیت اور بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوہلو

کوہلو (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت ضلعی محکموں کے سربراہان کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے سربراہان سے ان کے متعلقہ شعبوں کی کارکردگی، جاری منصوبوں، دستیاب سہولیات، درپیش مسائل اور مستقبل کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ تمام محکموں کے افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی، مواصلات، زراعت، لائیو اسٹاک اور دیگر بنیادی شعبوں میں بہتری کے لیے باہمی رابطوں اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کیا جائے۔ سرکاری دفاتر میں عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے جبکہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت، غیر ضروری تاخیر اور عوامی شکایات کو نظر انداز کرنے کا عمل برداشت نہیں کیا جائے گا۔

اوستہ محمد میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے 15 ایگل مددگار فورس متحرک

عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، شہری مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد ایگل مددگار فورس امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے متحرک دار ادا کررہی ہے۔ امن وامان برقرار رکھنا اور جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لانا پولیس فورس کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار 15 ایگل مددگار فورس اوستہ محمد کے انچارج محمد نواز جنگ نے یو این اے سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر ہیڈ محرر طارق مگسی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایگل مددگار فورس شہر میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ہمہ وقت متحرک ہے۔ پولیس اہلکار اپنی ڈیوٹی پوری ذمہ داری، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ سرانجام دے رہے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں گشت اور مشکوک افراد پر نظر رکھنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی بروقت روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ محمد نواز جنگ نے مزید کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ جرائم کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے عوام کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی یا جرائم پیشہ عناصر کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے۔

شمالی کوریا کا ایک اور دفاعی میزائل کا تجربہ، فرضی ایئر پورٹ پر کامیاب حملے کی مشق

پیانگ یانگ (اے این این) شمالی کوریا نے نئے ڈیزائن کردہ فضائی دفاعی میزائل سسٹم کا تجربہ کرنے کے ساتھ طویل فاصلے تک مار کرنے والے اسٹرٹیجک کروز میزائل سے حملے کی مشق بھی کی ہے۔ شمالی کوریا کے سرکاری میڈیا نے جمعرات کو بتایا کہ دونوں فوجی مشقوں کا مقصد ہتھیاروں کی تکنیکی صلاحیت اور جنگی اعتبار کو مزید بہتر بنانا تھا۔ نئے فضائی دفاعی میزائل سسٹم کے تجربے میں ہدف کی نشاندہی، نگرانی اور میزائل کے جدید رہنمائی نظام کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ حکام نے تجربے کو کامیاب قرار دیا ہے۔ دوسری جانب مشرقی شمالی کوریا میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے اسٹرٹیجک کروز میزائل سے فرضی ہوائی اڈے کو نشانہ بنانے کی مشق کی گئی،

سعودیہ اور شام میں دفاعی تعاون کا معاہدہ، عالمی توانائی فراہمی کے تسلسل پر زور

ریاض (اے این این) سعودی عرب اور شام نے تناؤ کو کم کرنے، بحرانوں کو قابو میں رکھنے اور اختلافات کو حل کرنے میں بات چیت اور سفارت کاری کو ترجیح دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ سعودی عرب اور شام نے علاقائی اور بین الاقوامی سلامتی، جہاز رانی کی حفاظت، توانائی کی فراہمی کے تسلسل اور عالمی معیشت کے استحکام پر کسی بھی فوجی تصادم کے خطرناک نتائج سے خبردار کیا۔ عرب میڈیا پورٹس کے مطابق یہ بات سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادے محمد بن سلمان اور شامی صدر احمد الشرع کے درمیان ریاض میں ہونے والے مذاکرات کے ایک سیشن کے دوران سامنے آئی، ہوا۔ سعودیہ اور شام نے ان تمام اقدامات کو فوری طور پر روکنے پر زور دیا

بقیہ 1

مقدس خطے کو نشانہ بنانے کے لیے داغا جانے والا ایک بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کردیا گیا، اس واقعے کے علاوہ ملک کے مختلف حصوں میں حفاظتی وارننگز کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ خلیج ٹائمز کے مطابق سعودی اتحاد کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ یمن میں سرگرم حوثی ملیشیا نے مدینہ منورہ کے علاقے کی جانب ایک بیلسٹک میزائل فضا میں فائر کیا، تاہم سعودی عرب کے جدید فضائی دفاعی نظام نے اس میزائل کو نشانے پر پہنچنے سے پہلے ہی فضا میں روک لیا اور کامیابی کے ساتھ تباہ کردیا، سعودی اتحاد نے اس جارحانہ اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے حوثی ملیشیا کو دہشت گرد قرار دیا اور خبردار کیا ہے کہ مملکت کے مقدس مقامات اور شہریوں کی حفاظت کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔

بقیہ 2

نگ بوٹ میں بھی آگ لگ گئی۔ پاسداران انقلاب کے مطابق آبنائے ہرمز میں غیر مجاز راستوں سے گزرنے کی کوشش کے دوران دو آئل ٹینکرز اور ایک نگ بوٹ میں الگ الگ واقعات میں آگ لگی۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ ایک آئل ٹینکر آبنائے ہرمز کے جنوب میں گزرگاہ سے نکلنے کی کوشش کے دوران بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا جبکہ دوسرا بڑا آئل ٹینکر آبی گزرگاہ کے مشرقی حصے میں راستے سے نکلتے ہوئے آگ کی لپیٹ میں آگیا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ دوسرے ٹینکر کی آگ بجھانے کے لیے قریب آنے والی نگ بوٹ میں بھی آگ لگ گئی۔

بقیہ 3

سمیت پر ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے ماسٹر کارڈ کے ڈویژنل صدر برائے مشرقی عربیہ مارک ایلیٹ سے ملاقات کی، جس میں روایتی مالیاتی نظام اور جدید ڈیجیٹل اثاثہ جات کی ٹیکنالوجیز کے امتزاج سے پیدا ہونے والے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلاک چین پر مبنی جدید مالیاتی نظام کے بڑھتے ہوئے کردار پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس ضمن میں سرحد پار ادائیگیوں کو مزید مؤثر بنانے، ترسیلاتِ زر کے نظام کو بہتر بنانے، مالیاتی اثاثہ جات کی ذمہ دارانہ ٹوکنائزیشن کو فروغ دینے اور جدید مالیاتی خدمات تک عوام کی رسائی بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اس امر کو اجاگر کیا گیا کہ پاکستان کو سالانہ 40 ارب ڈالر سے زائد کی ترسیلاتِ زر موصول ہوتی ہیں اور ملک کی ڈیجیٹل معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے۔ ایسے میں جدید مالیاتی ٹیکنالوجیز سے نہ صرف قومی معیشت کو فائدہ پہنچایا جاسکتا ہے بلکہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں، فری لانسرز، چھوٹے کاروباری اداروں اور مالیاتی شعبے کے لیے بھی نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ دونوں جانب سے ڈیجیٹل ادائیگیوں، سائبر سیکیورٹی، مالیاتی شفافیت اور مالیاتی نظام کے تحفظ سے متعلق عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 4

پیر 9 نومبر کو اسٹیٹ بینک بند رہے گا۔ سندھ بھر میں یوم اقبال 9 نومبر کو اسکولوں میں تعطیل کا اعلان کردیا گیا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ نے 9 نومبر پر اسکولوں میں چھٹی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکشن کے مطابق محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ نے اسٹیئرنگ کمیٹی کے فیصلے کے تحت 9 نومبر 2026 کو یوم علامہ اقبال کے موقع پر سرکاری و نجی اسکول میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ اس سرکاری فیصلے کے نتیجے میں ان تمام دفاتر، بینکوں اور تعلیمی اداروں کے ملازمین کو متواتر 3 چھٹیاں ملیں گی جہاں ہفتے میں 2 دن (ہفتہ اور اتوار) کی تعطیل ہوتی ہے۔ اس طرح 7 نومبر (ہفتہ سے 9 نومبر پیر) تک چھٹیوں کے بعد تمام تر سرکاری اور کاروباری معمولات 10 نومبر بروز منگل سے معمول کے مطابق بحال ہوں گے۔

بقیہ 5

کے تحت خصوص (Designated) اضلاع کے علاوہ دیگر تمام اضلاع پر بھی کردیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ آئین کا آرٹیکل 140-A صوبوں میں مقامی حکومتوں کے قیام سے متعلق ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ آئین کے آرٹیکل 140-A کی ذیلی شق (2) کے تحت مقامی حکومتوں کے انتخابات کا انعقاد الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری ہے۔ کمیشن نے مذکورہ آرٹیکل کی باقی اضلاع میں بھی منطقی کے تناظر میں خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے جاری انتخابی عمل پر ممکنہ اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تاہم غور وخوض کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ مذکورہ حکم نامے کے باعث صوبہ خیبر پختونخوا کے باقی اضلاع میں بھی بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں رہا۔ لہٰذا ان انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں اب تک کیے گئے تمام اقدامات کو تاحکمِ ثانی روک دیا جائے۔

بقیہ 6

ہوگا، پاکستان امریکا تعلقات میں اس وقت جو کچھ ہورہا ہے یہ تاریخ سے مختلف نہیں ہے، ایک ڈیڑھ سال میں تعلقات میں بڑی گرم جوشی آئی ہے۔ دوسری جانب امریکی سینیٹ الیکشن میں شکست کے بعد امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا کہنا ہے کہ ایران جنگ، مہنگائی اور اسرائیل سے تعلقات الیکشن میں شکست کی وجہ بنے، ایران جنگ کی وجہ سے ری پبلکنز کو سینیٹ سے ہاتھ دھونا پڑے، ٹرمپ نے خود بھی تسلیم کیا کہ ہماری ناکامی کی وجہ ایران جنگ ہے۔ انتخابی نتائج اتنے غیر متوقع تھے کہ شدید دھچکا لگا۔ مہنگائی اور اسرائیل کے ساتھ تعلقات بھی ری پبلکنز کی شکست کی وجہ بنے۔ ایران جنگ کو درست سمجھنے کی قیمت 6 سال کیلئے سینیٹ سے محرومی کی صورت میں ملی۔ دلیل دیں کہ سینیٹ کی اکثریت کھونا ایران جنگ کی وجہ سے ادا کی جانے والی قابل قبول قیمت ہے؟

بقیہ 7

آئی اور دیگر اپوزیشن کی صرف پہلے سے موجود الیکشن قوانین پر عمل یقینی بنانے کے حامی ہیں۔ پی

جعلی خبروں اور ڈس انفارمیشن کا پھیلاؤ آج کا سب سے بڑا چیلنج ہے، عطا تارڑ

الیکٹرانک میڈیا کے آنے سے ریگولیشن فریم ورک بنے، مصنوعی ذہانت کا مثبت استعمال یقینی بنانا ہوگا زندگی کے ہر شعبے میں ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے

ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے یو این ڈی پی کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں، پائیدار ترقی کا مقصد موجودہ اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کو یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ الیکٹرانک میڈیا کے آنے سے ریگولیشن فریم ورک بنے، آج کے دور میں جعلی اور غیر مصدقہ خبریں سب سے بڑا چیلنج ہیں، مصنوعی ذہانت کا مثبت استعمال یقینی بنانا ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ زندگی کے ہر شعبے میں ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے، ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے یو این ڈی پی کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں، پائیدار ترقی کا مقصد موجودہ اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا سب سے بڑا خطرہ ڈس انفارمیشن ہے، ہر انسان کو اس چیلنج کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، معلومات کے پھیلاؤ سے زیادہ ان کی تصدیق ضروری ہے، سوشل میڈیا پر فیک چیک کے

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس محمد طاہر، ڈی آئی جی پولیس محمد طاہر، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ سے امن وامان اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

وفاقی وزیر احسن اقبال اور عطا اللہ تارڑ کی ملاقات

سیاحت کے فروغ کے لیے قومی سطح پر مؤثر ادارہ جاتی نظام کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال سے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے ملاقات کی، جس میں وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار ایاز نے پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے اقدامات اور 2025-26 کی کامیابیوں پر بریفنگ دی۔ ملاقات میں سیاحت اور کھیلوں کے فروغ کے لیے قومی سطح پر مؤثر اداروں کے قیام اور صوبوں کے درمیان بہتر رابطہ کاری کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے ایک خودمختار پاکستان ٹورازم اتھارٹی قائم کرنے کی ضرورت ہے، جس میں چاروں صوبوں کے نمائندے شامل ہوں اور جو قومی سطح پر سیاحتی سرگرمیوں کو مربوط انداز میں آگے بڑھائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایک متحد سیاحتی منزل کے طور پر عالمی سطح پر متعارف کرانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قدرتی حسن اور سیاحتی وسائل سے مالا مال ملک ہے شامل ہوں اور جو قومی سطح پر سیاحتی سرگرمیوں کو مربوط انداز میں آگے بڑھائے۔

جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو ہوگا

اسلام آباد (اے این این) جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو دن 12 بجے ہوگا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کریں گے، جسٹس جمال بھی فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کریں گے۔ فل کورٹ ریفرنس سے اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان بھی خطاب کریں گے، جسٹس جمال خان مندوخیل 12 نومبر کو ریٹائر ہو جائیں گے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو دن 12 بجے

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

جام کمال کی سعودی مصر اور تیونس کے اعلیٰ حکام کے ساتھ ملاقاتیں

تجارت، سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں، زراعت، ٹیکسٹائل، معدنیات اور صنعتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

استنبول (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے سعودی عرب، مصر اور تیونس کے اعلیٰ حکام کے ساتھ الگ الگ دوطرفہ ملاقاتوں میں تجارت، سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں، زراعت، ٹیکسٹائل، معدنیات اور صنعتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا ہے، باہمی تجارتی روابط مضبوط بنانے اور دستیاب اقتصادی مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزارت تجارت کی جانب سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت نے ترکیہ کے شہر استنبول میں اقتصادی و تجارتی تعاون کی تنظیم (کومسیک) کے 42 ویں اجلاس کے موقع پر سعودی عرب کے بین الاقوامی تنظیموں اور معاہدوں کے ڈپٹی گورنر فرید ایس العسالی، مصر کے وزیر سرمایہ کاری و خارجہ تجارت محمد فرید صالح اور تیونس کے وزیر تجارت و برآمدات کے فروغ سمیر عابد سے ملاقاتیں کیں۔ سعودی عرب کے نمائندے فرید ایس العسالی سے ملاقات میں دونوں فریقوں نے زراعت اور صنعتی ترقی، انسانی وسائل کی استعداد کار بڑھانے، لائیو اسٹاک اور غذائی تحفظ

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پرائم منسٹر یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے اسٹوڈنٹس میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

40 افراد نے میرے گھر پر حملہ کر کے خواتین کو ہراساں کیا، سینیٹر کامران مرتضیٰ

نامعلوم لوگوں نے دروازوں کو لاتیں ماریں اور چھت پر چڑھ گئے، اس وقت گھر میں میرے چھوٹے بھائی عدنان کے علاوہ گھر کی خواتین اور بچے بھی موجود تھے

سینیٹ آف پاکستان کا ایک رکن اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایک سینئر وکیل ہونے کے باوجود میرے گھر پر حملہ کیا جاتا ہے، تحریک استحقاق جمع کرادی

اسلام آباد (اے این این) جمعیت علمائے اسلام ف کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے سینٹ کی استحقاق کمیٹی میں تحریک استحقاق جمع کروادی۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ میں اپنے ساتھ پیش آنے والے واقعہ پر ایوان میں درج ذیل تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں، چار نومبر کو تقریباً 40 افراد نے میرے ذاتی گھر نمبر D-70، سنگل ہاؤسنگ اسکیم کوگھیرے میں لے کر دھاوا بولا۔ تحریک استحقاق میں کہا گیا کہ نامعلوم لوگوں نے گھر کے مین گیٹ پر لاتیں ماریں، دیواروں پر چڑھ کر گھر کے اندر کی تصاویر بنائیں، شور شرابہ سن کر محلے کے لوگ اکٹھے ہوئے اور وہاں پر موجود چند طلباء نے اپنے ذاتی موبائل کیمروں سے ان افراد کی ویڈیو بنانا چاہی تو انہوں نے انہیں منع کر دیا، بعد میں چالیس افراد میرے آبائی گھر نمبر D-22 والے گھر کوگھیرے میں لے کر میرے گھر سے تھوڑے سے فاصلے پر واقع ہے وہاں حملہ آور ہوئے۔ اس میں کہا گیا کہ نامعلوم لوگوں نے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری

اوستہ محمد میں ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ضرار جمالی

اوستہ محمد (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی کاوشوں اور بھرپور دلچسپی کے باعث ضلع اوستہ محمد میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور سرکاری اداروں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے واضح رہے کہ ضلع اوستہ محمد ایک نیا قائم ہونے والا ضلع ہے جہاں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ مختلف سرکاری محکموں کے دفاتر اور انتظامی عمارتوں کی تعمیر بھی وقت کی اہم ضرورت ہیاس سلسلے میں ضلع میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تعمیر کا کام پہلے ہی تیزی سے جاری ہے جبکہ ریسکیو 1122 کی عمارت اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے دفاتر کی تعمیر بھی عمل میں لائی جارہی ہے ان منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف ضلعی انتظامی ڈھانچے کو استحکام حاصل ہوگا بلکہ مختلف سرکاری محکموں کو اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں انجام دینے کے لیے مستقل اور موزوں دفاتر بھی میسر آئیں گے، جس سے عوام کو سرکاری امور کی انجام دہی میں سہولت حاصل ہوگی۔ صوبائی وزیر

(بقیہ 81 اندرونی صفحہ 2 پر)

جعفر آباد میں مفت آئی میڈیکل کیمپ کا افتتاح

مستحق اور غریب مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کرنا قابل تحسین اقدام ہے: ڈپٹی کمشنر خالد خان

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے فلاحی اداروں کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار میں منعقدہ فری آئی میڈیکل کیمپ کا افتتاح کیا، اس موقع پر انہوں نے ایک آنکھوں سے متاثرہ خاتون کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب میں سیاسی و قبائلی رہنما میر مٹھا خان بادینی، محکمہ صحت کے افسران اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے فری آئی میڈیکل کیمپ کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور مستحقین سے کیمپ میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مریضوں کے معائنے، آنکھوں کے امراض کی تشخیص اور مفت تقسیم کی جانے والی ادویات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ فلاحی اداروں کی جانب سے مستحق اور غریب مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کرنا ایک قابل تحسین اقدام ہے، ایسے فری میڈیکل کیمپس سے ان افراد کو خصوصی فائدہ پہنچتا ہے جو مہنگے علاج اور ادویات کے

(بقیہ 87 اندرونی صفحہ 2 پر)

گوادر میں عالمی یوم آگاہی سونامی کے موقع پر سیمینار

گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں سونامی سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد

گوادر (خ ن) عالمی یوم آگاہی سونامی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ، محکمہ تعلیم اور رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ کونسل (RCDC) کے اشتراک سے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں سونامی سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی سیشن منعقد کیا گیا سیشن میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن وہاب مجید، ڈسٹرکٹ پروگرام آفیسر RCDC عبداللہ عثمان اور ارسی ڈی کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری نیاز ابراہیم نے طلبہ اور اساتذہ کو سونامی کے ممکنہ خطرات، قدرتی انتباہی علامات، بروقت انخلاء اور ہنگامی حالات میں انسانی جانوں کے تحفظ کے لئے ضروری حفاظتی تدابیر سے آگاہ کیا مقررین نے کہا کہ گوادر سمیت بلوچستان کی ساحلی پٹی پر آباد آبادیوں کے لیے سونامی سے متعلق شعور و آگاہی ناگزیر ہے سمندر کے اندر زلزلے کے جھٹکوں کے بعد سطح آب میں غیر معمولی ہلچل اور ریل گاڑی یا جیٹ طیارے جیسی تیز گڑگڑاہٹ کی آواز سونامی کی ممکنہ قدرتی انتباہی علامات میں شامل ہیں۔ ایسی علامات محسوس ہونے پر فوری طور پر محفوظ اور بلند

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

ترقیاتی کاموں کی تکمیل ترجیح ہے، بابر خان

رکھنی کی ری ماڈلنگ اور ترقیاتی کاموں کا اہم جائزہ اجلاس، کام بروقت مکمل کرنے کا عزم

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بلوچستان بابر خان کے زیر صدارت اپ لفٹنگ آف رکھنی ٹاؤن وری ماڈلنگ آف رکھنی بازار منصوبے کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر لورالائی ژوب زون زبیر احمد کھوسہ ایس ای بارکھان وموسیٰ خیل عبدالرازق مندوخیل ایگزیکٹیو انجینئر بارکھان انجنیر فضل کریم ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ دوتانی متعلقہ کنسلٹنٹ اور دیگر افسران بھی موجود تھا اجلاس کے دوران منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تعمیراتی سرگرمیوں درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق آگاہ کیا بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے کام جاری ہے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے رکھنی ٹاؤن کی اپ لفٹنگ اور بازار کی ری ماڈلنگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوہ سلیمان ڈویژن کے قیام کے بعد رکھنی کو بطور ڈویژنل ہیڈ کوارٹر خصوصی اہمیت حاصل ہوئی بیاس تناظر میں

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

سبی میں لونی روڈ پر ٹھیکیدار کے گھر کے قریب دستی بم حملہ

سبی (یو این اے) سبی کے علاقے لونی روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹھیکیدار کے گھر کے قریب دستی بم سے حملہ کیا، تاہم خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بم دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور اطراف کے علاقے کو گھیرے میں لے کر ناکہ بندی کر دی۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں ملوث ملزمان کی تلاش کے لیے سرچ

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

خیبر پختونخوا میں امن و ترقی کیلئے وفاق کا تعاون ناگزیر ہے، فیصل کریم

صوبے نے طویل عرصے تک دہشت گردی اور بدامنی کا سامنا کیا ہے عوام نے دہشت گردی کے خلاف عظیم قربانیاں دی ہیں،

پیپلز پارٹی کے دور میں سوات میں تاریخ کا سب سے بڑا آپریشن کیا گیا اور سوات کو دہشت گردوں سے پاک کیا گیا، گورنر خیبر پشتونخوا

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں امن و ترقی کیلئے وفاق کا تعاون ناگزیر ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے نے طویل عرصے تک دہشت گردی اور بدامنی کا سامنا کیا ہے، پیپلز پارٹی کے دور میں سوات میں تاریخ کا سب سے بڑا آپریشن کیا گیا اور سوات کو دہشت گردوں سے پاک کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ عوام نے دہشت گردی کے خلاف عظیم قربانیاں دی ہیں، خیبر پختونخوا قدرتی حسن اور معدنی وسائل سے مالا مال ہے، ہم ترقی یافتہ اور مضبوط خیبر پختونخوا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ کہا دہشت گردوں کے خلاف جنگ ہم سب کی ہے، پیپلز پارٹی کے دور میں صوبے میں کافی عرصے تک امن قائم رہا، گزشتہ حکومت میں دہشت گردی بڑھی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ سابق نااہل قیادت ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں بھی شرکت

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

بارکھان میں BSDI فیز تھری کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کیا جائے اور مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں: ڈپٹی کمشنر بارکھان

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیر صدارت BSDI فیز تھری کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس بارکھان: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت BSDI فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے اپنے اپنے منصوبوں پر کام کی پیش رفت، درپیش مسائل اور تکمیل کی صورتحال کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام تیز کیا جائے اور انہیں مقررہ مدت میں معیاری انداز میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیر صدارت BSDI فیز تھری کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس بارکھان: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت BSDI فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجاب کے دو حلقوں میں ضمنی انتخابات، پاک فوج اور رینجرز تعینات کرنے کی منظوری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی حکومت نے پنجاب کے دو حلقوں میں ضمنی انتخابات کے دوران پاک فوج اور پنجاب رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دے دی، وزارت داخلہ وانسداد دہشتگردی نے تعیناتی کا باضابطہ حکم نامہ جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ ون اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی 203 ساہیوال چھ میں 8 نومبر کو ضمنی انتخابات ہوں گے، دونوں حلقوں میں پاک فوج اور پنجاب رینجرز 7 سے 9 نومبر 2026 تک

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

راولپنڈی پی ٹی آئی کے ایم پی اے جاوید کوثر دو کارکنوں سمیت کو گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی میں تحریک انصاف کے ایم پی اے جاوید کوثر کو گرفتار کر لیا گیا۔ پی ٹی آئی ایم پی اے کو انسداد دہشت گردی عدالت گیٹ سے گرفتار کیا گیا، ایم پی اے جاوید

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے طلباء وطالبات پر مشتمل وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا مطالعاتی دورہ

اسلام آباد (اے این این) بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے 35 رکنی طلباء و طالبات کے وفد نے 2 فیکلٹی ممبران کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا مطا

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کے زیادہ تر اضلاع میں موسم خشک اور سرد، کوئٹہ سمیت شمالی اضلاع میں بارش کی پیشگوئی

زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 4، قلات و کوئٹہ میں 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کوئٹہ کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں صبح اور رات کے اوقات میں سرد رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق صوبے کے شمالی اضلاع میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہے گا۔ جبکہ بارکھان، موسیٰ خیل، چمن، پشین، ژوب، قلعہ سیف اللہ، کوئٹہ، زیارت، قلات، نوکنڈی، خضدار اور گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ چند مقامات پر ہلکی بارش کی توقع بھی ظاہر کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق صوبے میں سب سے کم درجہ حرارت زیارت میں 4 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ کوئٹہ اور قلات میں 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ چمن اور ژوب میں کم سے کم درجہ حرارت 12، نوکنڈی میں 19، جبکہ سبی، گوادر اور جیوانی میں 20 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ صوبے کا سب سے گرم خطہ تربت رہا جہاں کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کوئٹہ کے مطابق بلوچستان کے

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق نگران وزیر اعلیٰ نواب غوث بخش باروزئی ملاقات کر رہے ہیں

چترال میں ہلکی بارش اور بالائی پہاڑوں پر برفباری، موسم سرد

چترال لوئر کے سیاحتی مقام گرم چشمہ و دیگر وادیوں میں بھی بارش اور پہاڑوں پر برفباری ہوئی

چترال (اے این این) چترال بھر میں گزشتہ رات سے ہلکی بارش اور بالائی پہاڑوں پر برفباری سے موسم سرد ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق چترال، مڈک لشٹ، کالاش ویلیز اور گبور وغیرہ مقامات میں برفباری کا آغاز ہوگیا۔ چترال لوئر کے سیاحتی مقام گرم چشمہ و دیگر وادیوں میں بھی بارش اور پہاڑوں پر برفباری ہوئی جبکہ لواری ٹاپ پر بھی ہلکی برفباری ہوئی۔ واضح رہے کہ چترال میں کافی عرصے بعد دوبارہ بارش ہوئی۔ چترال بھر میں گزشتہ رات سے ہلکی بارش اور بالائی پہاڑوں پر برفباری سے موسم سرد ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق چترال، مڈک لشٹ، کالاش ویلیز اور گبور وغیرہ مقامات میں برفباری کا آغاز ہوگیا۔ چترال لوئر کے سیاحتی مقام گرم چشمہ و دیگر وادیوں میں بھی بارش اور پہاڑوں پر برفباری ہوئی جبکہ لواری ٹاپ پر بھی ہلکی برفباری ہوئی۔ واضح رہے کہ چترال میں کافی عرصے بعد دوبارہ بارش ہوئی۔ چترال بھر میں گزشتہ رات سے موسم

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

ربیع سیزن کے لیے پٹ فیڈر کینال میں 3500 کیوسک پانی کی فراہمی جاری

تقسیم آب میں ناانصافی برداشت نہیں ہوگی، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق خان عمرانی

چھتر (یو این اے) ربیع سیزن کے دوران کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی میں اضافے کے لیے اقدامات جاری، پٹ فیڈر کینال میں 3500 کیوسک پانی فراہم کیا جارہا ہے، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق خان عمرانی نے کہا ہے کہ ربیع سیزن کے دوران کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی میں اضافے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ سندھ سے پٹ فیڈر کینال میں پانی کی ترسیل جاری ہے اور اس وقت پٹ فیڈر کینال میں 3500 کیوسک پانی فراہم کیا جارہا ہے، جس سے زمینداروں کو درپیش پانی کی قلت میں کمی آئے گی انہوں نے کہا کہ زمینداروں کے وسیع تر مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ پانی کی فراہمی میں اضافے کے بعد ربیع کینال اور پٹ فیڈر کینال کی تمام ذیلی شاخوں میں زرعی پانی منصفانہ بنیادوں پر تقسیم کیا جارہا ہے تاکہ ہر کاشتکار کو

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

رائیونڈ تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ شروع، سکیورٹی کے سخت انتظامات

رائیونڈ (اے این این) رائیونڈ تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے کیلئے سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں اس سلسلے میں 3 ہزار سے زائد پولیس افسران واہلکار تعینات ہیں جن میں 3 ایس پیز، 10 ڈی ایس پیز، 37 ایس ایچ اوز اور 214 اپ سب آرڈینیٹس ڈیوٹی پر مامور ہیں، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے ایک ہزار سے زائد ٹریفک پولیس افسران و اہلکار بھی تعینات ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق شرکا کی سہولت کیلئے 14 مقامات

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

عوامی شمولیت کے بغیر ماحولیاتی اہداف کا حصول ممکن نہیں، نسیم الرحمان

صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز جیسے فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کے لیے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جارہا ہے

ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل، صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے موثر حکمت عملی پر عمل درآمد جاری ہے، صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں۔ صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز جیسے فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کے لیے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکومت نے صنعتی اخراج پر قابو پانے، شجر کاری مہمات کو فروغ دینے اور شہری علاقوں میں ماحولیاتی بہتری کے لیے جدید اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے مزید کہا کہ عوامی شمولیت کے بغیر

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنرل باجوہ اور فیض حمید کے دور میں مجھ پر بدترین تشدد کیا گیا، جاوید لطیف

مشکل حالات، دباؤ اور دھمکیوں کے باوجود اپنے نظریے اور سیاسی موقف پر قائم رہنے کی کوشش کی

شیخوپورہ (جی این ایم) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ اور جنرل (ر) فیض حمید کے دور میں انہیں غداری کے مقدمے میں گرفتار کروا کر بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ تشدد کے دوران انہیں ذہنی اور جسمانی اذیت دی جاتی تھی اور کہا جاتا تھا کہ تمہاری آوازیں فیض حمید اور عمران خان سننا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ہمیشہ ایک سوچ اور نظریے پر کھڑے رہنے کی کوشش کی اور اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی توفیق عطا فرمائی، میری والدہ کی حمایت اور دعاؤں کی بدولت آج تک اپنے موقف پر ثابت قدم ہوں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے اپنے سیاسی سفر اور مشکل ترین حالات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جب ان پر تشدد کیا جاتا تھا تو وہ دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تھے کہ یا اللہ مجھے اتنی ہمت اور حوصلہ عطا فرما کہ میرے منہ سے چیخ تک نہ نکلے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے انہیں اس کڑے وقت سے گزرنے کا حوصلہ دیا اور وہ تمام مشکلات کے باوجود اپنے

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)

انصاف کے نظام کی جدید کاری وقت کی ضرورت ہے، وزیر قانون

علاقائی قانونی تعاون اور انصاف کے نظام کو جدید بنانے کے لیے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے علاقائی ممالک کے درمیان قانونی تعاون کو فروغ دینے اور انصاف کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ثالثی کے فیصلوں اور مصالحتی تصفیوں پر سرحد پار تیز رفتار عمل درآمد علاقائی تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ وزارت قانون وانصاف کی جانب سے جمعرات کو جاری کردہ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر نے واشنگٹن میں منعقدہ مینا پ (MENAAP) ریجنل منسٹریل ڈائیلاگ میں شرکت کی جس میں مصر، لبنان، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی ریاست شارجہ سمیت خطے کے مختلف ممالک کے وزراء نے شرکت کی۔ اس موقع پر اعظم نذیر تارڑ نے تجارتی عدالتوں، ثالثی مراکز اور کاروباری اصلاحات کے شعبوں میں علاقائی ممالک کے درمیان تجربات کے تبادلے پر

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 2 پر)

عالمی یوم آگاہی سونامی کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں خصوصی آگاہی تقریب کا انعقاد

گوادر (خ ن) عالمی یوم آگاہی سونامی کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں خصوصی آگاہی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طالبات میں سونامی کے ممکنہ خطرات، اسباب، قدرتی انتباہی علامات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے حفاظتی تدابیر سے متعلق شعور اجاگر کرنا تھا تق